DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مورخہ 06-06-2023**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | موسمیاتی تبدیلیاں کرہ ارض کے مستقبل کیلئے خطرہ ہیں، گورنر بلوچستان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | وفاق کا عدم تعاون اور مایوس کن رویہ نیشنل اکنامک کونسل میں شرکت نہ کرنے کا حتمی فیصلہ کرلیا وزیراعلیٰ بزنجو۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | عوام کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کیا جائے گا، مونا واسع۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | امید ہے این ایف سی کے تحت مطلوبہ فنڈز کے اجراء کو یقینی بنایا جائے گا، نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | گورنر سندھ سے ضیالانگو کی ملاقات باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کیلئے سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا ماہ جبین شیران۔ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | وزیراعظم کی خصوصی ہدایت پر گوادر کو قومی گریڈ سے منسلک کردیا گیا۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | بلوچستان ہائیکورٹ ڈی جی ایگریکلچر ایکسٹینشن کی مشتہر اسامیوں پر بھرتیوں کا عمل جاری رکھنے کی اجازت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی گرانفروشوں اور منافع خوروں کے خلاف کاروائی۔ | سینچری ودیگر اخبارات |
| 10 | 49 کی ادویات کی زائد قیمت مقرر کرنے اور نیو گوادر ائیر پورٹ کیلئے گرانٹ کی منظوری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | حکومت پسماندہ علاقوں کی تعمیر وترقی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، عبدالرحمٰن بزدار۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | کسٹم عملے کی کاروائی چینی سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | اگلے مالی سال کیلئے بلوچستان کا ترقیاتی بجٹ 248ارب روپے تجویز۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | خواتین یونیورسٹی کی طالبات کا احتجاج انتظامیہ نے پولیس طلب کرلی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | سردار اختر مینگل اتحاد میں شامل ہوجائیں پی پی جمعیت کے ساتھ ملکر الیکشن لڑیں گے، جام کمال۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | ویمن یونیورسٹی میں تشدد ہاسٹل میں طالبات کو ہراساں کرنا ناقبل برداشت عمل ہے، نیشنل پارٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | بلوچستان کے لاپتہ افراد کا معاملہ انتہائی حساس نوعیت کا ہے، اختر مینگل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

پنجگور پولیس کی کاروائی بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار کوئٹہ ٹرک اڈے میں فائرنگ جھگی نشین 14 سالہ لڑکی ہلاک، کوئٹہ سیکورٹی گارڈ کا پراسرار قتل، آلہ نقب برآمد، ہرنائی گھر کے اندر سے ٹریکٹر چوری، ہرنائی میں منشیات فروش سمیت 2افراد گرفتار مسروقہ سوزوکی 24 گھنٹے کے اندر برآمد، چمن منشیات برآمد 6ملزمان گرفتار کرلئے، کوئٹہ میں پولیس تھانہ منظور ترین شہید کی کاروائی مفرور ملزم گرفتار۔

مورخہ 06-06-2023

## عوامی مسائل

کیر تھر کینال تباہی سے دو چار چھوٹے کاشتکار پانی کیلئے ترس گئے، دالبندین میں چینی کی قیمت کم نہ ہو سکی 220 روپے کلو فروخت، کوئلہ کان میں پھنسے دو محنت کشوں کو ایک مہینے بعد بھی نہ نکالا جا سکا، این ایل ایف پاکستان، ژوب سے بھیڑ بکریاں ڈی آئی خان اسمگل ہونے لگیں، کوئٹہ میں پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال گوشت کی قیمتیں آسمان تک پہنچ گئیں،

## اداریہ:

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان کے مسائل اور وزیر اعلیٰ بزنجو کا دوٹوک موقف** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان کو مسلسل نظر انداز کرنا اور دیوار سے لگانا انتہائی غیر مناسب فعل ہے اگر وفاقی حکومت اپنے وعدو ں کو پورا کرنے میں سنجیدہ نہیں تو بلوچستان این ای سی کے اجلاس میں شرکت نہیں کریگا صوبے کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے ہم آئندہ مالی سال کے لئے ایک متوا زن بجٹ بنانے کے قابل بھی نہیں ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے پالیسی بیان میں کیا۔ بیان میں کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر واضح برملا اور انتہا ئی دوٹوک انداز میں بلوچستان کا موقف پیش کرتے ہوئے وزیر اعظم اور وفاقی حکومت کو بلوچستان کے ساتھ کئے گئے وعدے یاد دلائے گئے ہیں، وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ گزشتہ سال بھی بلوچستان حکومت کی تجویز کردہ اسکیموں کو وفاقی پی ایس ڈی پی کا حصہ نہیں بنایا گیا سی پیک کی باتیں کی جاتی ہیں لیکن سی پیک میں شامل منصوبوں کے ٹینڈر ہونے کے باوجود بھی انکے لئے فنڈز جاری نہیں کئے گئے۔

## اداریے:

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان کی مالی مشکلات توجہ اور عملی اقدامات کی ضرورت**" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ "CM Bizenjo,s concerns" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ "**صوبے کو نظر انداز کرنے پر وفاق کا رویہ کسی صورت برداشت نہین کیا جائیگا** "عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ "**ہمارے بچے ہماری ذمہ داری**" کے عنوان سے تحریر اختر منگی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

گورنر وزیر اعلیٰ، وزراء

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 06 JUN 2023

Page No: 1

## موسمیاتی تبدیلیاں کرہ ارض کے مستقبل کیلئے خطرہ ہیں، گورنر بلوچستان

### ماحول کو صاف رکھنے اور آلودگی کے خاتمے میں گورنر ہاؤس کوئٹہ کا اہم کردار رہا ہے، پیغام

کوئٹہ (خ ن) گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ نے ورلڈ اینوائرمنٹ ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بہت کم لوگوں کو اس بات کا علم ہے کہ ماحول کو صاف ستھرا رکھنے اور آلودگی کے خاتمے میں گورنر ہاؤس کوئٹہ کا پچھلے تقریباً ڈیڑھ سو سال میں اہم کردار رہا ہے۔ گورنر ہاؤس کوئٹہ میں اتنے طویل عرصے کے دوران ہزاروں درختوں اور پودوں کو پانی دینے اور ان کی نشوونما کیلئے سردی گرمی میں مسلسل ٹھوس اقدامات اٹھانے کے علاوہ پرندوں کو خوراک فراہم کرنے اور ان کی پرورش کیلئے بھی مناسب انتظام موجود ہے۔ اس کار خیر میں گزشتہ اور موجودہ گورنرز، آفیسرز اور اہلکاروں کی گرانقدر خدمات اور شعوری کاوشیں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیاں کرہ ارض کے مستقبل کیلئے خطرہ اور تمام انسانوں کیلئے باعث تشویش ہے لہٰذا ضروری ہے کہ صورتحال کی بہتری کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں، لوگوں کو شجرکاری کی جانب راغب کیا جائے اور جنگل اگانے کی منظم کوششیں کی جائیں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ جیسا کہ آپ سب کو معلوم ہے کہ 2020 سے 2030 تک کی دہائی کو اقوام متحدہ نے ایکو سسٹم کی بحالی کی دہائی قرار دے رکھا ہے لہٰذا اقوام عالم کے اہم رکن کی حیثیت سے ہمیں بھی اس دوران ماحولیات کی اہمیت کو اجاگر کرنے اور اسکے تحفظ کی کاوشوں کو آگے بڑھانے کیلئے مختلف تقریبات کا اہتمام اور ان میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کی شرکت کو یقینی بنانا چاہیے۔ گورنر نے اس بات کو خوش آئند قرار دیا کہ ماحولیات کی بہتری کیلئے اور خاص طور سے بڑے پیمانے پر شجرکاری مہم کے حوالے سے پاکستان کی کارکردگی کو انٹرنیشنل لیول پر سراہا جارہا ہے۔

### گورنر بلوچستان نے دو ماہ کی تنخواہ انٹر بوائز کالج کچلاک فنڈ میں عطیہ کردی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے گزشتہ روز انٹر بوائز کالج کچلاک کے مالی مسائل کے پیش نظر اپنی دو مہینے کی تنخواہیں کالج فنڈ میں عطیہ کردی۔ مذکورہ مالی مدد جہاں گورنر بلوچستان کی جانب سے تعلیمی ترقی میں دلچسپی کا مظہر ہے وہیں اس حوالے سے امید افزا بھی کہ اگر حکومتی شخصیات ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے جذبہ ایثار کا مظاہرہ کریں تو ہمارے تعلیمی اداروں کے فوری نوعیت کے مالی مسائل بڑی حد تک حل ہوسکتے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## موسمیاتی تبدیلیوں کی تباہیوں سے بچنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے، گورنر بلوچستان

### موسمیاتی تبدیلیاں کرہ ارض کے مستقبل کیلئے خطرہ اور تمام انسانوں کیلئے باعث تشویش ہے لوگوں کو شجرکاری کی جانب راغب کیا جائے

### جنگلات اگانے کی منظم کوششیں کی جائیں، شجرکاری مہم کے حوالے سے پاکستان کی کارکردگی کو عالمی سطح پر سراہا جارہا ہے، ملک عبدالولی کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے ورلڈ اینوائرمنٹ ڈے کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ بہت کم لوگوں کو اس بات کا علم ہے کہ ماحول کو صاف ستھرا رکھنے اور آلودگی کے خاتمے میں گورنر ہاؤس کوئٹہ کا پچھلے تقریباً ڈیڑھ سو سال میں اہم کردار رہا ہے۔ گورنر ہاؤس کوئٹہ میں اتنے طویل عرصے کے دوران ہزاروں درختوں اور پودوں کو پانی دینے اور ان کی نشوونما کیلئے سردی گرمی میں مسلسل ٹھوس اقدامات اٹھانے کے علاوہ پرندوں کو خوراک فراہم کرنے اور ان کی پرورش کیلئے بھی مناسب انتظام موجود ہے۔ اس کار خیر میں گزشتہ اور....... بقیہ نمبر 42 صفحہ 9 پر

موجودہ گورنر صاحبان، آفیسرز اور اہلکاروں کی گرانقدر خدمات اور شعوری کاوشیں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیاں کرہ ارض کے مستقبل کیلئے خطرہ اور تمام انسانوں کیلئے باعث تشویش ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ صورتحال کی بہتری کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں، لوگوں کو شجرکاری کی جانب راغب کیا جائے اور جنگل اگانے کی منظم کوششیں کی جائیں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ جیسا کہ آپ سب کو معلوم ہیں کہ 2020 سے 2030 تک کی دہائی کو اقوام متحدہ نے ایکو سسٹم کی بحالی کی دہائی قرار دے رکھا ہے

## بیوٹمز ملازمین نے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کیخلاف احتجاج کا عندیہ دے دیا

### حکومت نے خصوصی گرانٹ کی رقم جاری نہیں کی، ملازمین ایک بار پھر تنخواہوں سے محروم ہوگئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز کے ملازمین ایک بار پھر تنخواہوں سے محروم، تنخواہ ادا نہ کرنے کی صورت میں ملازمین نے شدید احتجاج کرنے کا عندیہ دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کی دوسری بڑی جامعہ بیوٹمز کے ملازمین ایک بار پھر تنخواہوں سے محروم ہیں جسکی وجہ سے ملازمین شدید....... بقیہ نمبر 82 صفحہ 9 پر

مشکلات کا شکار دکھائی دیتے ہیں، جامعہ کی انتظامیہ کے مطابق حکومت بلوچستان کی جانب سے بیوٹمز کے لئے تاحال خصوصی گرانٹ کی رقم جاری نہیں کی گئی جسکی وجہ سے ملازمین کو تنخواہیں ادا نہیں کی گئی ہیں۔ دوسری جانب بیوٹمز اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر نعمان خان، جنرل سیکرٹری شمس الہدیٰ سمیت کابینہ کے دیگر اراکین نے ملازمین کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیوٹمز کے ملازمین اور اساتذہ پورا مہینہ صرف اس ذہنی کوفت میں گزار دیتے ہیں کہ آیا انہیں تنخواہیں ملیں گی یا نہیں، انہوں نے کہا کہ حکومت اور جامعہ کی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ ملازمین کو بروقت تنخواہوں کی ادائیگی کو یقینی بنائیں لیکن رواں مالی سال میں مسلسل تیسرے مہینے سے ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی میں تاخیر کی جارہی ہے۔ بیوٹمز اسٹاف ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ ملازمین کو فوری طور پر تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنائی جائے بصورت دیگر بیوٹمز کے ملازمین شدید احتجاج کرنے کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہونگے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 06 JUN 2023 Page No: 2


وفاق کا عدم تعاون اور مایوس کن رویہ

## نیشنل اکنامک کونسل میں شرکت نہ کرنے کا حتمی فیصلہ کرلیا، وزیراعلیٰ بزنجو

وزیراعظم کی جانب سے سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے اعلان کردہ 10 ارب روپے بھی فراہم نہیں کئے گئے، تجویز کردہ منصوبوں کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اعلان کیا ہے کہ وفاقی حکومت کے عدم تعاون کے رویہ کو دیکھتے ہوئے این ای سی میں شرکت نہ کرنے کا حتمی فیصلہ کرلیا ہے، مجھ سمیت صوبے سے نیشنل اکنامک کونسل کا کوئی بھی ممبر اسلام آباد میں منعقد ہونے والے قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں شرکت نہیں کریگا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے بلوچستان کے حوالے سے جو بھی یقین دہانیاں اور وعدے اب تک کئے ان پر عملدرآمد نہیں کیا گیا ہے یہ رویہ انتہائی مایوس کن صورتحال کی نشاندہی کرتا ہے حتیٰ کہ وزیراعظم کی جانب سے سیلاب متاثرین کی بحالی کے لئے اعلان کردہ دس ارب روپے بھی فراہم نہیں کئے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ اس ضمن میں وفاقی حکومت کو بارہا یاددہانیاں بھی کرائی گئیں اور وزیراعظم کو مراسلہ بھی ارسال کیا گیا، وزیراعظم کے اعلان کے تناظر میں صوبائی حکومت نے اپنے محدود وسائل بروئے کار لاتے ہوئے متاثرین کی حتی المقدور امداد و بحالی کی امید تھی کہ وفاقی حکومت کی جانب سے دس ارب کی وصولی کے بعد ان سرگرمیوں کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وسائل کی کمی کے باعث سیلاب متاثرین تاحال کھلے آسمان تلے پڑے حکومتی امداد کے منتظر ہیں وفاقی حکومت سے یہ بھی کہا ہے کہ بلوچستان کے ارکان سینٹ اور قومی اسمبلی کے تجویز کردہ منصوبوں کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ترقیاتی فنڈز محدود ہونے کی وجہ سے ارکان سینٹ اور قومی اسمبلی کو ترقیاتی فنڈز نہیں دے سکتے، ارکان صوبائی اسمبلی سینٹ اور قومی اسمبلی کے ارکان کی تجویز کردہ منصوبوں کو صوبائی ترقیاتی پروگرام میں شامل کرنے کے حق میں نہیں ہیں۔


MASHRIQ QUETTA


فنڈز کی فراہمی میں وفاق کا عدم تعاون

## وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو آج اقتصادی کونسل کے اجلاس میں احتجاجاً شریک نہیں ہونگے

وفاقی حکومت نے بلوچستان کے حوالے سے جو بھی یقین دہانیاں اور وعدے اب تک کئے ان پر عملدرآمد نہیں کیا گیا ہے یہ رویہ انتہائی مایوس کن صورتحال کی نشاندہی کرتا ہے، عبدالقدوس بزنجو

این ای سی میں شرکت نہ کرنے کا حتمی فیصلہ کرلیا ہے، مجھ سمیت صوبے سے نیشنل اکنامک کونسل کا کوئی بھی ممبر اسلام آباد میں منعقد ہونے والے قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں شرکت نہیں کریگا

وزیراعظم کیجانب سے سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے اعلان کردہ دس ارب روپے بھی فراہم نہیں کئے گئے، وفاقی حکومت کو بارہا یاددہانیاں بھی کرائی گئیں اور وزیراعظم کو مراسلہ بھی ارسال کیا گیا

صوبائی حکومت نے اپنے محدود وسائل بروئے کار لاتے ہوئے متاثرین کی حتی المقدور امداد و بحالی کی امید تھی کہ وفاق کیجانب سے دس ارب کی وصولی کے بعد ان سرگرمیوں کو مزید فروغ دیا جائیگا

بلوچستان کے ترقیاتی فنڈز محدود ہونیکی وجہ سے صوبائی اسمبلی کے اراکین سینٹ اور قومی اسمبلی کے اراکین کے تجویز کردہ منصوبوں کو صوبائی ترقیاتی پروگرام میں شامل کرنے کے حق میں نہیں ہیں۔

سیلاب متاثرین تاحال کھلے آسمان تلے پڑے حکومتی امداد کے منتظر ہیں وفاق سے کہا ہے کہ بلوچستان کے اراکین سینٹ اور قومی اسمبلی کے تجویز کردہ منصوبوں کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کیے جائیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اعلان کیا ہے کہ وفاقی حکومت کے عدم تعاون کے رویہ کو دیکھتے ہوئے این ای سی میں شرکت نہ کرنے کا حتمی فیصلہ کرلیا ہے، مجھ سمیت صوبے سے نیشنل اکنامک کونسل کا کوئی بھی ممبر اسلام آباد میں منعقد ہونے والے قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں شرکت نہیں کریگا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے بلوچستان کے حوالے سے جو بھی یقین ......


بقیہ 1 صفحہ نمبر 9 پر


دہانیاں اور وعدے اب تک کئے ان پر عملدرآمد نہیں کیا گیا ہے یہ رویہ انتہائی مایوس کن صورتحال کی نشاندہی کرتا ہے حتیٰ کہ وزیراعظم کی جانب سے سیلاب متاثرین کی بحالی کے لئے اعلان کردہ دس ارب روپے بھی فراہم نہیں کئے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ اس ضمن میں وفاقی حکومت کو بارہا یاددہانیاں بھی کرائی گئیں اور وزیراعظم کو مراسلہ بھی ارسال کیا گیا وزیراعظم کے اعلان کے تناظر میں صوبائی حکومت نے اپنے محدود وسائل بروئے کار لاتے ہوئے متاثرین کی حتی المقدور امداد و بحالی کی امید تھی کہ وفاقی حکومت کی جانب سے دس ارب کی وصولی کے بعد ان سرگرمیوں کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وسائل کی کمی کے باعث سیلاب متاثرین تاحال کھلے آسمان تلے پڑے حکومتی امداد کے منتظر ہیں وفاقی حکومت سے یہ بھی کہا ہے کہ بلوچستان کے اراکین سینٹ اور قومی اسمبلی کے تجویز کردہ منصوبوں کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ترقیاتی فنڈز محدود ہونے کی وجہ سے اراکین سینٹ اور قومی اسمبلی کو ترقیاتی فنڈز نہیں دے سکتے اراکین صوبائی اسمبلی سینٹ اور قومی اسمبلی کے اراکین کے تجویز کردہ منصوبوں کو صوبائی ترقیاتی پروگرام میں شامل کرنے کے حق میں نہیں ہیں۔

## صاف اور شفاف ماحول ہی بہترین انسانی صحت کا ضامن ہے، عبدالقدوس بزنجو

صاف اور شفاف آب و ہوا بہترین صحت کی علامت ہے، فضائی آلودگی سے پاک ممالک میں پھیپھڑوں اور دیگر سانس کی بیماریاں کم ہیں

پاکستان صنعتی نہیں بلکہ زرعی ملک ہے اور عالمی درجہ حرارت کو بڑھانے میں صنعتی ممالک کا کردار سب سے زیادہ ہے، وزیراعلیٰ کا پیغام

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ ہمیں بحیثیت ایک محب وطن پاکستانی فضائی آلودگی سے پاک پاکستان کی جانب بڑھنا ہے، صاف اور شفاف ماحول ہی ......


بقیہ 9 صفحہ نمبر 9 پر


بہترین انسانی صحت کا ضامن ہے، پاکستان صنعتی نہیں بلکہ زرعی ملک ہے اور عالمی درجہ حرارت کو بڑھانے میں صنعتی ممالک کا کردار سب سے زیادہ ہے، بدقسمتی سے اس آلودگی کے اثرات سے وہ ممالک بھی متاثر ہو رہے ہیں جن کا فضائی آلودگی میں کردار نہ ہونے کے برابر ہے، فضائی آلودگی کے خاتمے کے لیے تمام ممالک کو انٹرنیشنل پروٹوکولز اور عالمی سطح پر کیے گئے معاہدوں کی پاسداری کرنا ہوگی

## امید ہے این ایف سی کے تحت مطلوبہ فنڈز کے اجراء کو یقینی بنایا جائے گا، نور محمد دمڑ

**وفاقی وزیر احسن اقبال سے ملاقات میں انہیں بلوچستان کی موجودہ مالی صورتحال سے آگاہ کردیا، بیان**

اسلام آباد (پ ر) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کو درپیش مالی مسائل کے حل اور صوبے میں وفاقی منصوبوں پر عمل درآمد اور نئے بجٹ میں جاری اور نئے منصوبوں کو شامل کرنے کیلئے اسلام آباد میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات احسن اقبال، وفاقی سیکرٹری پلاننگ سے ملاقاتیں کر کے انہیں بلوچستان کی موجودہ مالی صورتحال سے آگاہ کیا ہے۔ وفاقی سیکرٹری پلاننگ سید ظفر علی شاہ سے وہ ملاقاتیں کی ہیں کوشش ہے کہ وزیر اعظم میاں شہباز شریف سے بھی ملاقات کر کے بلوچستان کی مالی صورتحال سے آگاہ کروں۔ وفاقی وزیر اور وفاقی سیکرٹری پلاننگ سے ملاقات میں بلوچستان کی مالی صورتحال جاری اور نئے ترقیاتی منصوبوں کو بجٹ میں شامل کرنے کے علاوہ بلوچستان میں سے سیلاب متاثرین کی بحالی متاثرہ بنیادی ڈھانچے کی تعمیر نو سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ وفاقی سیکرٹری پلاننگ سے ملاقات کے دوران چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی بھی موجود تھے۔ یہاں جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی وفاقی حکومت کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔ ہمیں امید ہے وزیر اعظم پاکستان اور وفاقی حکومت این ایف سی کے تحت بلوچستان کے آئینی شیئر اور وفاقی منصوبوں کے لیے مطلوبہ فنڈز کے اجراء کو یقینی بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایک ہفتے سے زائد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ہوں اور کوشش ہے کہ نئے وفاقی بجٹ میں بلوچستان کی پسماندگی کے خاتمے کے لیے زیادہ سے زیادہ ترقیاتی منصوبوں کو شامل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی سیکرٹری پلاننگ نے ملاقات کے دوران بتایا کہ وفاقی حکومت صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو مکمل کرنے میں بھرپور دلچسپی رکھتی ہے بلوچستان سے بیس ہزار طلباء کو وزیر اعظم لیپ ٹاپ سکیم میں شامل کیا گیا ہے۔ پانچ ہزار طلباء کے لیے اسکالرشپ بھی رکھے گئے ہیں اور پانچ ہزار نوجوانوں کو انٹرن شپ بھی دی جائیگی۔ ملاقات میں بلوچستان میں جاری وفاقی ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کو تیز کرنے اور وفاق اور صوبے میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔

## گورنر سندھ سے ضیا لانگو کی ملاقات، باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق

**دونوں صوبوں میں حکومتی سطح پر ہر قسم کا تعاون جاری رکھیں گے، گفتگو**

کراچی (خ ن) گورنر سندھ کامران ٹیسوری سے وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ اور سینیٹر دنیش کمار نے ملاقات کی اس موقع پر باہمی دلچسپی کے امور و ملکی سیاسی، دونوں صوبوں کے آپس میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس امر کا بھی اظہار کیا کہ مختلف شعبوں میں تعاون سے عوام کو فائدہ ہوگا، پاکستان کی ترقی کیلئے دونوں ہمسایہ صوبوں ایک دوسرے کے ساتھ حکومتی سطح پر ہر قسم کا تعاون جاری رکھیں گے جس سے بلوچستان اور سندھ کے عوام کو دور رس مثبت نتائج حاصل ہونگے اس موقع پر وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء لانگو نے گورنر سندھ کامران ٹیسوری کے تعلیمی اداروں میں اقدامات اور رمضان پیکج اقدامات کو وزیر داخلہ اور سینیٹر دنیش کمار نے سراہا، ملاقات کے دوران علاقائی سلامتی کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور زیر غور آئے۔

## عوام کے ساتھ کیے گئے تمام وعدوں کو پورا کیا جائے گا، مولانا واسع

**آئندہ انتخابات کے بعد جمعیت بلوچستان اور کے پی کے میں حکومت بنائیگی، بات چیت**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت بلوچستان کے امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ آنے والے دور میں جمعیت علمائے اسلام بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے بعد ملکی سطح پر بھی ایک قوت بن کر ابھرے گی۔ آئندہ عام انتخابات میں جمعیت بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں حکومت بنانے کے ساتھ ساتھ مرکز میں بھی اچھی پوزیشن میں ہوگی۔ عوام نے باقی تمام سیاسی جماعتوں کو آزمالیا اب وہ جمعیت علماء اسلام کی پالیسیوں پر عمل پیرا ہو کر آئندہ عام انتخابات میں اسے کامیابی سے ہمکنار کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام وفاقی حکومت میں ہوتے ہوئے عوام کے مسائل حل کرنے میں مصروف عمل ہے اور عوام کے ساتھ کیے گئے تمام وعدوں کو پورا کیا جائے گا کیونکہ عوام نے جس طرح جمعیت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے اسی طرح جمعیت بھی حکومت میں ہوتے ہوئے ان کے مسائل حل کریگی۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ عام انتخابات میں جمعیت بلوچستان کی سطح پر ایک بہت بڑی قوت بن کر ابھرے گی جس طرح عوام نے بلدیاتی انتخابات میں جمعیت علماء اسلام کو کامیابی سے ہمکنار کیا اسی طرح توقع کی جاتی ہے کہ عام انتخابات میں بھی کامیابی سے ہمکنار کریں گے۔ وقت بدل رہا ہے اور عوام کا رشتہ جمعیت علماء اسلام کے ساتھ مضبوط ہوتا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ جو سیاسی جماعتیں عوام کی طاقت پر یقین کرنے کی بجائے کسی اور کی طاقت پر یقین رکھتی تھیں آج وہ تنہا گھر میں بیٹھ کر پریشانیوں سے دوچار ہیں جبکہ عوام سے بننے والی سیاسی جماعتیں آج بھی حکومت میں ہیں اور آئندہ بھی عوام کی طاقت سے میدان میں رہیں گی۔



## ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کیلئے سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، ماہ جبین شیران

**ہماری دریائی سمندری لائف بری طرح متاثر ہورہی ہے اور سیوریج کا سسٹم بالکل تباہ ہو چکا ہے**

**ماحولیاتی آلودگی کے حوالے سے قانون سے زیادہ شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری برائے خواتین ڈویلپمنٹ و ماحولیاتی تبدیلی ماہ جبین شیران نے کہا ہے کہ پلاسٹک کے فوائد سے نقصانات زیادہ ہیں پلاسٹک کی وجہ سے ہماری دریائی سمندری لائف بری طرح متاثر ہورہی ہے اور سیوریج کا سسٹم بالکل تباہ ہو چکا ہے عوام میں ماحولیاتی آلودگی کے حوالے سے قانون سے زیادہ شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کیلئے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ماحولیات کے عالمی دن کے مناسبت کے حوالے سے پاک یو ایس الامنائی اسلامک ریلیف محکمہ ماحولیات بلوچستان کے تعاون سے منعقدہ آگاہی واک اور سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈائریکٹر ایڈمن ای پی اے ڈاکٹر مجیب الرحمٰن، امیر بہرام بلوچ، سید باسط علی شاہ، ڈاکٹر گیرام، رضیہ احمد آغا، ظاہر ناصر اور دیگر ماہرین بھی موجود تھے پارلیمانی سیکرٹری ماہ جبین شیران کا کہنا تھا کہ پلاسٹک کے فوائد سے زیادہ نقصانات ہیں کیونکہ پلاسٹک کی وجہ سے سیوریج کا نظام برباد ہونے کے ساتھ ساتھ سمندری لائف بھی تباہ ہورہی ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ عوام میں شعور اجاگر کرنے کیلئے ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا قانون سے زیادہ لوگوں میں آگاہی کرنی کی ضرورت ہے تاکہ معاشرے کو صاف ستھرا رکھا جاسکے اس موقع پر دیگر مقررین نے کہا کہ ماحولیات کے عالمی دن کے موقع پر حکومت اور دیگر ادارے مل کر ماحولیاتی آلودگی کے حوالے سے عوام میں شعور اجاگر کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔

## وزیراعظم کی خصوصی ہدایت پر گوادر کو قومی گریڈ سے منسلک کردیا گیا

**668 کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائن کی تعمیر وتنصیب کا کام بھی شامل ہے**

**اب کیچ، تربت، گوادر اور پنجگور کے علاقوں کیلئے بلاتعطل بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے گا**

کوئٹہ (خ ن) وزارت توانائی (پاور ڈویژن) حکومت پاکستان نے مکران، گوادر میں بڑھتی ہوئی طلب اور مستقبل کی ضروریات کے تناظر میں متعدد اقدامات اٹھائے ہیں اور اس سلسلے میں وزیراعظم پاکستان کی ذاتی دلچسپی اور خصوصی ہدایات پر مکران۔ گو......... بقیہ نمبر 83 صفحہ 9 پر

اور کو قومی گرڈ سسٹم سے منسلک کرنے کے لئے ایک جامع اور عمل درآمدی منصوبہ بنا کر اسے کامیابی سے مکمل کر کے اسے قومی گرڈ سسٹم سے منسلک کر کے باقاعدہ طور پر اس کا جائزہ بھی کر دیا گیا ہے۔ یہ منصوبہ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے شعبہ گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (جی ایس سی) اور گرڈ سسٹم آپریشن (جی ایس او) کے انجینئرز اور عملہ پر مشتمل ٹیموں کی انتھک محنت سے پایہ تکمیل تک پہنچا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 06 JUN 2023 Page No: 8

## بلوچستان ہائیکورٹ: ڈی جی ایگریکلچر ایکسٹینشن کی مشتہر آسامیوں پر بھرتیوں کا عمل جاری رکھنے کی اجازت

**7 دسمبر 2022 کو جاری عبوری حکمنامہ واپس لے لیا گیا، اقربا پروری، جانبداری یا سیاسی اثر و رسوخ کے بغیر میرٹ پر عمل کرنے کا حکم**

**عدالت نے "نیو ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس ان کوئٹہ پروجیکٹ" کی کیو۔ واسا کو منتقلی کے فیصلے کو بھی غیر قانونی و غیر موثر قرار دے دیا**

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان نے ڈی جی ایگریکلچر ایکسٹینشن بلوچستان کی جانب سے گریڈ 1 تا گریڈ 14 کی مشتہر کی گئی 1184 آسامیوں کے لئے ریکروٹمنٹ کمیٹیوں کو بھرتیوں کا عمل مزید جاری رکھنے کی اجازت دے دی اور اس حوالے سے فوری آئینی درخواست کے ضمن میں مورخہ 7 دسمبر 2022 کو جاری کیا گیا عبوری حکم نامہ واپس لے لیا چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جناب جسٹس نعیم اختر افغان اور جناب جسٹس محمد عامر نواز رانا پر مشتمل بنچ نے ایک آئینی درخواست پر یہ حکم سناتے ہوئے کہا کہ ریکروٹمنٹ کمیٹیاں مورخہ 24 اکتوبر 2022 کے اشتہار نمبر 738 کے ضمن میں امیدواروں کی اطلاع کے لئے نتیجہ جاری کرکے اور اس حوالے سے ڈی جی ایگریکلچر ایکسٹینشن کے مورخہ 13 اپریل 2023 کے سرکلر کی تعمیل میں ریکروٹمنٹ کا عمل شروع کریں گی، معزز عدالت نے ریکروٹمنٹ کمیٹیوں کو اقربا پروری، جانبداری یا کسی سیاسی اثر و رسوخ کے بغیر میرٹ پر سختی سے عمل کرتے ہوئے امیدواروں کے انتخاب کا بھی حکم دیا ڈی جی ایگریکلچر کے سرکلر کے مطابق وہ تمام امیدوار جنہوں نے مورخہ 6 فروری 2018، 15 فروری 2019، 26 فروری 2021 اور 9 جون 2022 کے تحت مذکورہ پوسٹوں کے لئے درخواستیں جمع کرائی تھیں ان کی درخواستیں عمر کی اہلیت کو مدنظر رکھتے ہوئے برقرار رہیں گی۔ معزز عدالت کو قبل ازیں ڈی جی ایگریکلچر ایکسٹینشن کی جانب سے بتایا گیا کہ رواں سال کے دوران ڈی جی ایگریکلچر ایکسٹینشن بلوچستان میں گریڈ 1 تا 14 کے زیادہ تر ملازمین ریٹائرڈ ہونے جا رہے ہیں جبکہ ان گریڈز پر ڈائرکٹریٹ کو اس وقت بھی مطلوبہ عملے کی بھرتی کی اشد ضرورت ہے اگر بھرتی میں مزید تاخیر ہو جاتی ہے/اجازت نہیں دی جاتی تو اس سے صوبے بھر میں محکمے کی کارکردگی بری طرح متاثر ہو جائے گی۔ معزز عدالت نے پیش کیے گئے تمام حالات/وجوہات کے پیش نظر مذکورہ شرائط کے ساتھ ریکروٹمنٹ کا عمل جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے درخواست نمٹا دی۔

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جناب جسٹس نعیم اختر افغان اور جناب جسٹس محمد عامر نواز رانا پر مشتمل بنچ نے "نیو ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس ان کوئٹہ پروجیکٹ" کی کیو۔ واسا کو منتقلی کے فیصلے کو غیر قانونی و غیر موثر قرار دے دیا ہے معزز عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ اے سی ایس (ڈویلپمنٹ) اور پی این ڈی حکومت بلوچستان کی جانب سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو جو سمری بھیجی گئی اس میں سفارشات کے برعکس فیصلہ کرتے ہوئے پروجیکٹ کی منتقلی منظور کی گئی۔ ریکارڈ سے ظاہر ہوتا ہے کہ سمری کے پیرا نمبر 10 کی منظوری پیرا نمبر 7، 6 اور 9 میں ذکر کیے گئے حقائق پر غور کے بغیر دی گئی یہ بات بھی حیران کن ہے کہ چیف سیکرٹری بلوچستان نے سمری کے پیرا نمبر 6 اور 7 میں سیکرٹری پی ایچ ای ڈی حکومت بلوچستان کے اعتراضات کے باوجود پیرا نمبر 2/s کی بغیر کسی جواز و وضاحت کے تائید کر دی حالانکہ ان اعتراضات کی بعد ازاں پیرا نمبر 9 میں اے سی ایس (ڈویلپمنٹ) اور محکمہ پی اینڈ ڈی نے بھی حمایت کی تھی بظاہر ایسا لگتا ہے کہ چیف سیکرٹری حکومت بلوچستان کو اس سلسلے میں مناسب درکار معاونت نہیں دی گئی اور سیاق و سباق سے ہٹ کر انہوں نے مذکورہ پیرا کی حمایت کی تھی جسے بعد میں منظور کر لیا گیا لہٰذا کیو واسا کو پروجیکٹ کی منتقلی کا ناقص فیصلہ سمری میں بیان کیے گئے حالات سے اغماض برتتے ہوئے کیا گیا ہے معزز عدالت نے مندرجہ بالا شرائط پر درخواست کی سماعت منظور کرکے فیصلہ سنایا اور 5 اپریل 2023 کا عبوری حکم نامہ بھی واپس لے لیا۔

## ایس بی کے کی طالبات پولیس تشدد کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں، ایس ایس پی آپریشن

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ زوہیب محسن نے سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کی طالبات کی جانب سے احتجاج کے دوران پولیس کے لاٹھی چارج کرنے کے حوالے سے سوشل میڈیا پر چلنے والی خبروں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ طالبات کا پرامن احتجاج کرنا حق ہے پولیس کبھی بھی اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے حدود سے تجاوز نہیں کرتی یہ ہماری بیٹیاں اور بہنیں ہیں۔ کچھ عناصر پولیس کا مورال ڈاون کرنے کیلئے اپنے اوچھے مقاصد کو پروان چڑھانے کیلئے سوشل میڈیا پر پولیس کی کردار کشی کر رہے ہیں۔ کسی بھی مہذب معاشرے میں اس طرح کا عمل نہیں دہرایا جاتا گزشتہ روز سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کی طالبات اپنے مسائل کے حوالے سے احتجاج کر رہی تھیں اور سوشل میڈیا پر پولیس کی جانب سے لاٹھی چارج کے حوالے سے بے بنیاد من گھڑت خبریں چلائی جا رہی ہیں۔ جن میں کوئی صداقت نہیں پولیس نے ہمیشہ پرامن احتجاج کرنے والوں کو سیکیورٹی کے انتظامات ممکن بنائے ہیں اور آج بھی احتجاج کرنے والی طالبات کی سیکیورٹی کیلئے خواتین پولیس کو تعینات کیا گیا۔

## ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی گرانفروشوں اور منافع خوروں کیخلاف کارروائی

**10 نانبائی اور ایک قصاب گرفتار، جیل بھیج دیا گیا، کارروائی جاری رہے گی، عطاء المنعم**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ کی ہدایت اور عوامی شکایات پر صوبائی دارالحکومت میں گرانفروشوں کیخلاف مہم جاری ہے۔ گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ عطاء المنعم نے گرانفروشوں اور منافع خوروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 نانبائی اور ایک قصاب گرفتار کرکے جیل بھجوا دیئے۔ کارروائیاں شہر کے مختلف علاقوں میں کی گئیں، اس موقع پر کم وزن روٹی اور مہنگے داموں گوشت فروخت کرنے پر دس دکانداروں کو گرفتار کرکے جیل بھجوا دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ نے کہا کہ شہر میں مصنوعی گرانفروشوں کیخلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا۔ سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں گرانفروشی اور منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی دکاندار حکومتی پرائس کنٹرول کے مطابق اشیاء خورونوش کی فروخت کو یقینی بنائیں بصورت دیگر ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

## چمن: سرحدی اضلاع میں رجسٹرڈ ڈیلرز کو کوٹہ سسٹم کے تحت چینی لانے کی اجازت

**غیر متعلقہ بااثر افراد بھی چینی کے کاروبار سے منسلک، بڑے پیمانے پر اسمگلنگ شروع، پرچون دکاندار متاثر ہونے لگے**

چمن (نامہ نگار) حکومت بلوچستان کا چینی کی افغانستان مبینہ اسمگلنگ کی روک تھام کے سلسلے انوکھا اقدام اٹھاتے ہوئے چمن سمیت سرحدی اضلاع میں چینی کی ترسیل پر پابندی عائد کرکے رجسٹرڈ ڈیلرز کو کوٹہ سسٹم کے تحت چینی لانے کی اجازت دے دی ہے، سیکڑوں عام پرچون دکاندار شدید متاثر ہونے لگے، فیصلے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے غیر متعلقہ بااثر افراد بھی چینی کے کاروبار سے منسلک ہوتے ہوئے چمن اور دیگر اضلاع کو چیک پوسٹوں پر ممنوعہ ذرائع استعمال کرکے چینی کی بڑے پیمانے پر اسمگلنگ شروع کر دی ہے اور عام شہری و دکاندار کو فائدہ ملنے کے برعکس مزید متاثر ہونے لگے ہیں۔ محکمہ انڈسٹریز بلوچستان کے حکام کے مطابق بلوچستان حکومت نے چینی کی بڑے پیمانے پر ایک دو ماہ قبل مبینہ طور پر افغانستان اسمگلنگ کی اطلاعات اور جانی کے علاقے میں ٹرکوں کے قافلوں کی ویڈیوز وائرل ہونے پر یہ قدم اٹھایا ہے اس سلسلے میں سب سے زیادہ ضلع چمن ہی متاثر ہوا ہے جو پہلے ہی سے کوئٹہ چمن شاہراہ پر مختلف اداروں کی چیک پوائنٹس سے گزرنے والے اشیاء خورونوش کے ٹرکوں سے رشوت لینے کے باعث چمن میں خوردنی اشیاء کی قلت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، حکام کے مطابق حکومتی فیصلے کے مطابق متعلقہ ڈپٹی کمشنر کی سفارش پر رجسٹرڈ ڈیلر کو کوٹہ، راہداری یا پرمٹ جاری کرکے محکمہ انڈسٹریز ڈیلر کو سندھ کے شوگر ملز سے چینی خریدنے کا این او سی جاری کرتا ہے جس پر عملدرآمد بھی شروع ہو چکا ہے حالانکہ چینی کے ٹرکوں کے قافلے جانی سے گزرے تو پابندی چمن و دیگر اضلاع پر عائد کرکے انوکھا اقدام اٹھا کر حکام بالا یا وفاق کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں چمن تک چینی کی اوپن سپلائی روکنے کیلئے کرنگ چیک پوسٹ پر لیویز ایف سی اور کسٹم کی جوائنٹ چیکنگ کے دوران عام دکانداروں سے بڑے پیمانے پر چینی ضبط کی جانے لگی ہے جبکہ چمن اور دیگر اضلاع میں چینی کا بحران پیدا ہو گیا ہے۔ چمن میں پرچون کی دکانوں میں چینی فی کلو 145 روپے پر دستیاب ہے، مارکیٹ ذرائع کے مطابق مئی میں چمن کے 6 منتخب ڈیلرز کو 9 ہزار 9 سو ٹن چینی جو 22 ٹرک بنتے ہیں کے پرمٹ جاری کیے گئے تھے جو سندھ کے شوگر ملز سے چینی چمن لا چکے ہیں مگر اس کے باوجود چمن میں چینی کی قیمتیں دیگر شہروں کے نسبت فی کلو 20 روپے سے زائد رہی ہے۔ مارکیٹ ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ پرمٹ یا کوٹہ سسٹم کے نفاذ کے باعث غیر متعلقہ افراد جو یا تو تاجر ہے ہی نہیں یا پھر دکاندار نہیں ہے نے بھی کوٹہ سسٹم کے نفاذ کا فائدہ اٹھانے لگے ہیں۔ یہ غیر متعلقہ بااثر افراد کوئٹہ سے چمن تک چینی کے ٹرک لانے کیلئے اثر و رسوخ اور دیگر ممنوعہ ذرائع استعمال کرکے چمن لاتے ہیں اور بعد میں افغانستان جانے والے ٹرانزٹ ٹریڈ کنٹینرز یا پھر ایکسپورٹ کے ٹرکوں میں معقول تعداد میں چینی کے پارسل چھپا کر اسمگل کرتے ہیں جبکہ بارڈر پر سیکڑوں کی تعداد میں بچے ایک سے دو یا چار کلو چینی پیدل بھجانے کی کوشش کرتے ہیں۔ انجمن تاجران چمن کے ضلعی صدر عبدالصادق اچکزئی نے جنگ کو بتایا کہ اس سے قبل جب چینی اسکینڈل نہیں تھا چمن کے ڈیلرز اور دکاندار ایک ماہ کے دوران 2 سو سے زائد ٹرک چینی لاتے تھے جو دس ہزار ٹن کے قریب بنتے ہیں اور حالیہ مردم شماری میں چمن کی آبادی 6 لاکھ کے قریب ہو چکی ہے جبکہ افغان مہاجرین کی تعداد اس کے علاوہ ہے مگر جن ایک ہزار ٹن چینی کا کوٹہ یا پرمٹ ضلع انتظامیہ ماہوار دے گی تو 9 ہزار ٹن چینی کی قلت بن گئی مگر قلت کی اس آڑ میں بااثر افراد بھاری رقوم چیک پوسٹوں پر دے کر چینی چمن لاتے ہیں۔ صادق اچکزئی کا کہنا تھا کہ بحران سے نمٹنے اور مافیاز کی روک تھام کا واحد حل چمن تک چینی کی اوپن سپلائی کے ساتھ دیگر اضلاع کے سرحدوں پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

## بلوچستان کی این ای سی میں عدم شرکت وفاق و صوبے میں بد اعتمادی و دوریاں بڑھیں گی

**دو صوبوں میں نگران حکومتیں، فیصلہ سازی کا اختیار نہیں، بلوچستان کے انکار سے صرف وزیراعلیٰ سندھ شریک ہوں گے**

**خدشہ ہے کہ بلوچستان این ای سی کے فیصلوں کو تسلیم نہ کرے، آئینی و معاشی ماہرین، وفاق نے تاحال رابطہ نہیں کیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس منگل (آج) کی صبح اسلام آباد میں وزیراعظم میاں شہباز شریف کی زیرصدارت منعقد ہوگا اجلاس میں 4 صوبوں کے (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

وزرائے اعلیٰ اور این ای سی کے ممبران نے شرکت کرنی ہے تاہم اس اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وفاقی حکومت کے بلوچستان کے ساتھ ناروا رویہ پر احتجاجاً شرکت نہ کرنے کا اعلان کرکے اس اہم اجلاس کی نوعیت کو متنازعہ بنا دیا ہے جس میں بجٹ کے حوالے سے ہونے والے فیصلوں کی افادیت ختم ہو جائے گی۔ آئینی و معاشی ماہرین کے مطابق وفاقی اکائی بلوچستان کی اجلاس میں عدم شرکت سے قومی اقتصادی کونسل میں کئے گئے فیصلوں کی کوئی اہمیت نہیں ہوگی کیونکہ اس وقت دو صوبوں میں نگران حکومتیں ہیں جنہیں فیصلہ سازی کا اختیار نہیں جبکہ بلوچستان اور سندھ میں منتخب حکومتیں ہیں اور ان دو منتخب حکومتوں میں سے بلوچستان حکومت کی جانب سے شرکت نہ کرنے کے فیصلے کے بعد صرف وزیراعلیٰ سندھ شریک ہوں گے جس کے باعث اس اہم اجلاس میں کئے جانے والے فیصلے متنازعہ ہوں گے اور ان فیصلوں کو صوبوں پر مسلط کرنے سے قومی اکائیوں اور وفاق کے مابین بداعتمادی کی فضاء قائم ہوگی۔ ماہرین کے مطابق بلوچستان کی موجودہ حکومت کی این ای سی کے اجلاس میں عدم شرکت سے یہ خدشہ ہے کہ وہ ان فیصلوں کو تسلیم نہیں کرے گی۔ ماہرین کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے ملک کے نصف رقبے پر محیط صوبے کے تحفظات دور کرنے میں عدم دلچسپی سے صوبے اور وفاق کے درمیان دوریوں میں مزید اضافہ ہوگا جس کے اثرات صوبے میں پائے جانے والے احساس محرومی میں اضافے کا موجب بنیں گے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اپنے بیان میں اس جانب واضح اشارہ کیا ہے کہ وفاق بلوچستان سے کئے گئے وعدوں پر عملدرآمد نہیں کر رہا جس سے صوبے کی ترقی متاثر ہو رہی ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی حکومت نے این ایف سی کے شیئرز کی مد میں صوبے کو ادائیگیاں نہیں کیں جبکہ پی پی ایل اور دیگر مدات میں بھی وفاق بلوچستان کا مقروض ہے جس کے باعث صوبے میں شدید مالی بحران پیدا ہوا ہے اور صوبہ آئندہ مالی سال کے متوازن بجٹ کی تشکیل میں بھی دشواری کا سامنا کر رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے این ای سی کے اجلاس میں عدم شرکت کے اعلان کے بعد تاحال وفاقی حکومت کی جانب سے کوئی رابطہ نہیں کیا گیا جس سے وفاقی حکومت کی صوبے کے معاملات میں عدم دلچسپی کو عیاں کرتا ہے یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ وفاق میں بلوچستان سے تعلق رکھنے والی اکثر جماعتیں وفاقی حکومت کی اہم اتحادی ہیں وفاقی کابینہ کا حصہ ہیں قومی اسمبلی میں اور سینٹ میں پی ڈی ایم کی حمایت کر رہی ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## 49 ادویات کی زائد قیمت مقرر کرنے، گوادر ایئرپورٹ کیلئے گرانٹ کی منظوری

**ای سی سی اجلاس میں گوادر ایئرپورٹ کیلئے وزارت ہوابازی کیلئے 839.12 ملین کی تکنیکی ضمنی گرانٹ کی منظوری دیدی گئی**

**قدرتی آفات کے دوران ہنگامی ریلیف کی فراہمی کیلئے گرانٹ منظور حیدرآباد سکھر موٹروے کیلئے 9 ارب سے زائد فنڈز کی منظوری**

اسلام آباد (آئی این پی) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نیا قتصادی رابطہ کمیٹی نے ادویات کی زیادہ سے زیادہ قیمت مختص کرنے کی منظوری دے دی، قدرتی آفات کے دوران ہنگامی ریلیف کی فراہمی کیلئے بارہ ارب روپے کی گرانٹ منظور جبکہ سانحہ سوات کے شہدا کیلئے چار کروڑ پچانوے لاکھ اور حیدرآباد سکھر موٹروے کے لیے نو ارب سے زائد فنڈز کی منظوری دی گئی۔ وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیرصدارت منعقد ہوا۔ جس میں وزارت مواصلات کی سمری پر حیدرآباد سکھر موٹروے کی بلٹ بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر

آپریٹ اینڈ ٹرانسفر کی بنیاد پر تعمیر کے ضمن میں حکومت پاکستان کی 9500 ملین روپے کے ضمانت کے اجرا کی منظوری دی گئی۔ این ڈی ایم اے کی سمری پر ای سی سی نے کسی بھی قدرتی آفت سے نمٹنے کیلئے ریلیف آئٹم کے سٹاک کی خریداری کیلئے 12 ارب روپے کی منظوری دی گئی۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ

حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 06 JUN 2023

Page No: 11

## حکومت پسماندہ علاقوں کی تعمیر و ترقی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، عبدالرحمن بزدار

عوام کی فلاح بہبود اور انہیں زندگی کی بنیادی ضروریات کی فراہمی کیلئے اربوں کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے

ہم سے جو کمی ہوئی ہے اس کا ازالہ کریں صرف ڈیوٹی کافی نہیں کارکردگی بھی دکھائیں، چیئرمین وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم

موسیٰ خیل (خ ن) حکومت دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں عوام کی فلاح بہبود کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے اور انہیں زندگی کی بنیادی ضروریات کی فراہمی کے لئے اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کر رہی ہے جن کی تکمیل سے سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی۔ ان خیالات کا اظہار وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم کے چیئرمین عبدالرحمن بزدار نے ضلع موسیٰ خیل کے دورے پر یہاں ڈپٹی کمشنر کے دفتر میں ضلعی آفیسران کے ساتھ منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں کمشنر لورالائی ڈویژن محمد گل خلجی، سینئر ممبر سی ایم آئی ٹی محمد صدیق مندوخیل ایڈیشنل ممبران راز محمد، عبدالغفار، ڈپٹی کمشنر عظیم جان دومڑ، اے ڈی سی فیصل ترین، سپرنٹنڈنگ انجینئر روڈز عزیز اللہ کاسی، ایکسین سی اینڈ ڈبلیو بشیر خان حمزہ زئی، پروجیکٹ ڈائریکٹر سی اینڈ ڈبلیو فقیر محمد، ایکسین سعید خان جعفر، ڈی ایچ او ڈاکٹر انور شیوزئی سمیت دیگر آفیسران نے شرکت کی۔ بعد ازاں تمام محکموں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل، سٹاف کی حاضری، اور عوامی مسائل کے حل پر بات چیت کی گئی اور اس بارے میں بریفنگ دی گئی۔ چیئرمین سی ایم آئی ٹی عبدالرحمن بزدار نے کہا کہ آفسران محنت و لگن سے فرائض انجام دیں تو بہت کچھ بہتر ہو سکتا ہے آج ہم سے جو کمی ہوئی ہے اس کا ازالہ کریں صرف ڈیوٹی کافی نہیں کارکردگی بھی دکھائیں دفتری اوقات کار کی ہر صورت پابندی کی جائے تا کہ عوام کی شکایت کا بروقت ازالہ ہو، متعلقہ آفیسران وقتاً فوقتاً فیلڈ کا بھی وزٹ کیا کریں

## بلوچستان حکومت کسانوں کو خوشحال دیکھنا چاہتی ہے، اے سی ژوب

کسانوں کو نامیاتی کاشتکاری کے حوالے سے آگاہی حاصل کرنا ہوگی، حافظ محمد

ژوب (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر ژوب حافظ محمد طارق کا ضلع ژوب میں کسانوں کیلئے موسمیاتی تبدیلی کے تناظر میں منعقدہ تربیتی ورکشاپ (زراعت بذریعہ نامیاتی کاشتکاری) میں شرکت کی۔ ورکشاپ کا مقصد کسانوں کو موسمیاتی تبدیلی کے تناظر میں پائیدار زراعت کے لیے ایک موثر حکمت عملی کے طور پر نامیاتی کاشتکاری کے حوالے سے آگاہ کرنا تھا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ٹریننگ / ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب میں موسمیاتی تبدیلی اور ان کے زراعت پر اثرات کے بارے میں آگاہی دی۔ اور کہا کہ پاکستان اور خصوصاً بلوچستان کے کسانوں کو نامیاتی کاشتکاری کے حوالے سے آگاہی حاصل کرنا نہایت ضروری ہے۔ کیونکہ یہ خوراک کی حفاظت کو یقینی بنانے، مٹی کے کٹاؤ کو کم کرنے کا ایک موثر طریقہ ہے۔ نامیاتی کاشتکاری میں صرف قدرتی کھادوں کا استعمال، کم پانی اور کم کیڑے مار دوا پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا حکومت کسانوں کو خوشحال دیکھنا چاہتی ہے جب کسان خوشحال ہوگا تو ملک ترقی بھی کرے گا زمینداروں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کریں گے انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کو جدید خطوط پر استوار کریں گے اور محکمہ کو مزید فعال بنا دیا جائے گا ورکشاپ کے اختتام پر اسسٹنٹ کمشنر ژوب حافظ محمد طارق نے شرکاء میں سرٹیفکیٹ بھی تقسیم کیے۔

## گوادر بندرگاہ برآمد کھاد کی جانے والی کھیپ افغانستان روانہ

کھاد آسٹریلیا سے افغان ٹرانزٹ ٹریڈ ایگریمنٹ کے تحت برآمد کی گئی تھی

گوادر (یو این اے) گوادر بندرگاہ پر آنے والی ڈی اے پی کھاد کی کھیپ 20,000 ٹن ڈی اے پی کھاد کی کھیپ کامیابی کے ساتھ افغانستان روانہ کر دی گئی۔ ڈی اے پی ......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 9 پر

کھاد کی کھیپ آسٹریلیا سے افغان ٹرانزٹ ٹریڈ ایگریمنٹ کے تحت گوادر فری زون (جنوبی) میں کام کرنے والے اداروں کے پی فرٹیلائزرز اور آگون پرائیویٹ لمیٹڈ نے درآمد کی تھی۔ چائنہ اوورسیز پورٹس ہولڈنگ کمپنی کے احکام نے بتایا کہ ڈی اے پی کھاد کی ان لوڈنگ اور لوڈنگ کیلئے شپنگ سروس پرووائیڈر زگران ٹریڈرز اور شپ کلیئرنگ ایجنٹ نے فرائض سرانجام دیئے اور یہ دونوں مقامی کمپنیاں ہیں۔ اس کا مطلب ہے

## مال مویشی پالنا روزگار کا ایک ذریعہ بھی ہے، ڈی سی خضدار

جانوروں سے وابستہ افراد کی حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے، جمیل احمد

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد نے کہا ہے کہ خضدار میں مال مویشی پالنے کا رجحان زیادہ ہے اور یہ روزگار کا ایک اہم ذریعہ بھی ہے مال مویشیوں کی افزائش نسل اور اس روزگار سے وابستہ افراد کی حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ لائیو اسٹاک و ڈیری فارمرز کے آفیسرز اور ڈاکٹرز کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ حیوانات ڈاکٹر انور زہری کی جانب سے ضلع میں اپنے محکمے کی کارکردگی میڈیکل کیمپس لگانے کے حوالے سے بھی ڈپٹی کمشنر خضدار کو بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈاکٹر ظہور زہری ڈاکٹر سکندر علی ڈاکٹر ارسلان سپریٹنڈنٹ ڈیری فارم ڈاکٹر محمد کریم ڈاکٹر الطاف سینئر سپریٹنڈنٹ ڈی سی آفس مراد کرد وڈوئی عبدالسلام زہری بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد کا کہنا تھا کہ خضدار ڈسٹرکٹ کا شمار گلہ بانی کے حوالے سے صوبے کے بڑے اضلاع میں ہوتا ہے یہاں سے پورے ملک میں بھیڑ بکریاں فروخت کیلئے لے جائی جاتی ہیں یہ روزگار کا بڑا ذریعہ بھی ہے۔

## خواتین کو ہنر سکھا کر معاشی طور پر بااختیار بنایا جا سکتا ہے، نذر محمد بلوچ

مخیر حضرات سماجی خدمات میں مصروف اداروں کی سرپرستی کرنی چاہئے

کوئٹہ (خبر نگار) صوبائی محتسب نذر محمد بلوچ نے کہا ہے کہ وہ کسی انسانیت کی مدد کرنا اور مدد بھی ہنر کی شکل میں کرنا قابل قدر اور قابل تحسین ہے خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کی جدوجہد کرنے پر میں میڈیم شگفتہ خان کو سلام پیش کرتا ہوں معاشرے کے مخیر حضرات کو کمزور طبقات کی زندگی میں آسانیاں پیدا کرنے کے لیے مصروف عمل اداروں کی ما......... بقیہ نمبر 81 صفحہ 9 پر

لی معاونت کرنی چاہیے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہنہ بستی میں قائم ویلفیئر سنٹر ادارہ بہبود اطفال و نسواں میں سینیٹر احمد خان کی جانب سے فراہم کردہ سلائی مشینیں تقسیم کرنے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر کوئٹہ جونیپر لائنز کلب کے صدر نور الامین زہری، لائن محمد سلیم احمد، لائن امتیاز احمد، صوبائی محتسب کے پروٹوکول آفیسر آفتاب خان سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔

## کوئٹہ کی 60 یونین کونسل میں 7 روزہ انسدادِ پولیو مہم کا آغاز

5 لاکھ 16 ہزار سے زائد بچوں کو بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کر دیا گیا

والدین بچوں کی دائمی معذوری سے بچنے کیلئے پولیو سے مدافعت کے قطرے پلائیں

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی 60 یونین کونسل میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز ہو گیا ہے۔ مہم کے دوران 5 لاکھ 16 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو وائرس سے بچا کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے انسداد پولیو مہم کے لیے ......... 2046 بقیہ 40 صفحہ نمبر 9 پر

ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں واضح رہے کہ کوئٹہ میں جاری نیشنل گیمز کی وجہ سے انسداد پولیو کی مہم ملتوی کر دی گئی تھی بلوچستان ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے مطابق اس سے قبل بلوچستان کے 18 اضلاع کی 393 یونین کونسلوں میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم 15 مئی کو چلائی گئی تھی جس میں 12 لاکھ 62 ہزار کے قریب بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے گئے تھے واضح رہے کہ سال 2021 سے اب تک بلوچستان میں پولیو وائرس کا ایک بھی کیس رپورٹ نہیں ہوا۔ اپریل 2021 سے صوبے کے کسی بھی ماحولیاتی نمونے میں پولیو وائرس بھی نہیں پایا گیا

## کسٹم عملے کی کارروائی چینی سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

دو کروڑ 40 لاکھ روپے مالیت کی چینی اور مونگ پھلی نوشکی اور چمن سے قبضے میں لی گئی

کوئٹہ (آن لائن) کسٹم کے عملے نے چینی اور مونگ پھلی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے دو کروڑ 40 لاکھ روپے مالیت کی چینی اور مونگ پھلی نوشکی اور چمن سے قبضے میں لے لی تفصیلات کے مطابق کلیکٹر انفورسمنٹ کوئٹہ عرفان اللہ خان کی خصوصی ہدایت پر ایڈیشنل کلیکٹر عمر شفیق کی نگرانی میں اسسٹنٹ کلیکٹر چمن وقار احمد اور انسپکٹر سمیت دیگر......... بقیہ نمبر 59 صفحہ 9 پر

عملے نے کارروائی کرتے ہوئے 1090 بوری چینی 488 بوری مونگ پھلی جبکہ کسٹم نے لیویز کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے نوشکی سے 630 بوری چینی قبضے میں لی، دونوں کارروائیوں میں 1720 بوری چینی اور 488 بوری مونگ پھلی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے قبضے میں لی ہے وزیر اعظم پاکستان کے واضح احکامات کے بعد کسٹم اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک بھر کی طرح بلوچستان میں چینی اور دیگر سامان کی سمگلنگ روکنے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 06 JUN 2023 Page No: 12


# بلوچستان اور ملک بھر میں عالمی یوم ماحولیات پلاسٹک آلودگی کا حل کے عنوان سے منایا گیا

پاکستان میں سالانہ 20 ملین ٹن، کوئٹہ میں روزانہ 16 سے 17 سو ٹن فضلہ جمع ہوتا ہے، 5 سے 10 فیصد پلاسٹک کا کچرا شامل ہے، یو این ڈی پی

گرمی ناقابل برداشت اور سردی کی شدت میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، موسمیاتی تبدیلیاں خطے میں خشک سالی تو کبھی تباہ کن سیلاب کا پیش خیمہ بھی بننے لگیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان سمیت دنیا بھر میں قدرتی ماحول کے تحفظ اور درپیش مسائل اجاگر کرنے کے لیے ماحولیات کا عالمی دن منایا گیا یو این ڈی پی کے مطابق پاکستان میں سالانہ تقریبا 20 ملین ٹن جبکہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں روزانہ 16 سے 17 سو ٹن فضلہ جمع ہوتا ہے جس میں سے......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 9 پر

5 سے 10 فیصد پلاسٹک کا کچرا شامل ہے۔ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہونے والے پہلے 10 ممالک میں شامل ہے، موسم گرما میں ہیٹ ویو ناقابل برداشت تو موسم سرما میں سردی کی شدت میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، موسمیاتی تبدیلیاں خطے میں کبھی خشک سالی تو کبھی تباہ کن سیلاب کا پیش خیمہ بھی بننے لگیں۔ عالمی ادارے جرمن واچ کے گلوبل کلائمیٹ رسک انڈیکس کے مطابق پاکستان موسمی تبدیلیوں کے باعث قدرتی آفات کے شکار ممالک میں سرفہرست ہے۔

# اگلے مالی سال کیلئے بلوچستان کا ترقیاتی بجٹ 248 ارب روپے تجویز

وفاقی بجٹ میں صوبائی حصہ 1560 ارب روپے، بلوچستان کا ترقیاتی بجٹ موجودہ سال کی نسبت 65 فیصد زیادہ ہے

پاکستان کا ترقیاتی بجٹ رواں سال کی نسبت 4 فیصد زیادہ ہوگا، بجٹ خسارہ ایک ٹریلین روپے ہو جانے کا اندیشہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئندہ مالی سال کے بجٹ میں پاکستان کا ترقیاتی بجٹ رواں سال کے بجٹ کی نسبت 4 فیصد زیادہ ہے۔ ذرائع کے مطابق مجموعی ترقیاتی بجٹ میں وفاقی ترقیاتی بجٹ کا حجم 1100 ارب روپے تجویز کیا گیا ہے اور وفاقی ترقیاتی بجٹ......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 9 پر

کا حجم رواں سال کی نسبت 31 فیصد یا 223 ارب روپے زیادہ ہے جب کہ وفاقی ترقیاتی بجٹ میں 150 ارب روپے کا نجی ترقیاتی بجٹ بھی شامل ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ ترقیاتی بجٹ میں صوبائی ترقیاتی بجٹ کا حصہ 1560 ارب روپے ہے، سندھ کا ترقیاتی بجٹ 40 فیصد اضافے سے 617 ارب روپے تجویز کیا گیا ہے جب کہ رواں سال سندھ کا ترقیاتی بجٹ 442 ارب روپے ہے۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا کا عبوری بجٹ 4 مہینے کے لیے تجویز کیا جا رہا ہے اور خیبر پختونخوا کا عبوری ترقیاتی بجٹ 268 ارب روپے تجویز کیا جا رہا ہے، اگلے مالی سال کے لیے بلوچستان کا ترقیاتی بجٹ 248 ارب روپے تجویز کیا گیا ہے

# 30 شہروں میں نادرا کو پاسپورٹ کی اجراء کی اجازت بلوچستان یکسر محروم

بلوچستان کا کوئی بھی شہر نادرا کے ذریعے پاسپورٹ کی اجراء کی لسٹ میں شامل نہیں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان بھر کے 30 شہروں میں نادرا کو پاسپورٹ کی اجراء کی اجازت بلوچستان یکسر محروم ہوگیا، بلوچستان کا کوئی بھی شہر نادرا کے ذریعے پاسپورٹ کی اجراء کی لسٹ میں شامل نہیں ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر کے کئی شہروں کی......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 9 پر

طرح کراچی نادرا آفس میں بھی اب پاسپورٹ بنیں گے، وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں عوام کی سہولت کے لیے نادرا کے 30 شہروں کے دفاتر میں پاسپورٹ بنائے جانے کا فیصلہ ہوا ہے، وزیراعظم کی ہدایت پر باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ جس تحصیل یا سب تحصیل میں پاسپورٹ آفس نہیں وہاں نادرا میں پاسپورٹ بنائے جائیں گے۔ جاری نوٹیفکیشن کے مطابق اب پاسپورٹ کا ایک کاؤنٹر بھی نادرا کے دفتر میں ہی موجود ہوگا، لاہور ریجن کے 12 چھوٹے شہروں اور کراچی کے 2 علاقوں میں نادرا سینٹر پر پاسپورٹ بن سکے گا، اسی طرح ملتان کے 6، سرگودھا کے 2، کے پی میں 4 اور اسلام آباد کے 2 نادرا سینٹرز پر بھی پاسپورٹ بنائے جاسکیں گے

# واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس پروجیکٹ کی واسا کو منتقلی کا فیصلہ غیر قانونی ہے، بلوچستان ہائی کورٹ

وزیراعلیٰ کو جو سمری بھیجی گئی اس میں سفارشات کے برعکس فیصلہ کر کے پروجیکٹ کی منتقلی منظور کی گئی

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جناب جسٹس نعیم اختر افغان اور جناب جسٹس محمد عامر نواز رانا پر مشتمل بینچ نے "نیو ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس ان کوئٹہ پروجیکٹ" کی واسا کو منتقلی کے فیصلے کو غیر قانونی وغیر موثر قرار دے دیا ہے معزز عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ اے سی ایس (ڈویلپمنٹ) اور پی این ڈی حکومت بلوچستان کی......... بقیہ نمبر 45 صفحہ 9 پر

جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان کو جو سمری بھیجی گئی اس میں سفارشات کے برعکس فیصلہ کرتے ہوئے پروجیکٹ کی منتقلی منظور کی گئی ریکارڈ سے ظاہر ہوتا ہے کہ سمری کے پیرا نمبر 10 کی منظوری پیرا نمبر 76 اور 9 میں ذکر کیے گئے حقائق پر غور کیے بغیر دی گئی یہ بات بھی حیران کن ہے کہ چیف سیکرٹری بلوچستان نے سمری کے پیرا نمبر 6 اور 7 میں سیکریٹری پی اینڈ ڈی حکومت بلوچستان کے اعتراضات کے باوجود پیرا نمبر s / 2 کی بغیر کسی جواز و وضاحت کے تائید کردی

# بحیرہ عرب میں طوفان بائے پر جوائے بننے کا امکان

بلوچستان کی ساحلی پٹی، گوادر پسنی جیونی اور ماڑا گڈانی اور عمان کو ممکنہ خطرہ

پسنی (یو این اے) بحیرہ عرب میں سمندری طوفان بائے پر جوائے بننے کا امکان ہے جس سے بلوچستان کی ساحلی پٹی کو ممکنہ خطرہ ہے موسمیات کے ڈائریکٹر عابد فاروقی نے کہا ہے کہ جنوبی بحیرہ عرب میں ہوا کا کم دباؤ بن گیا ہے انہوں نے بتایا ہے کہ 9 یا......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 9 پر

11 جون کو یہ ہوا کا کم دباؤ شدت اختیار کر کے سائیکلون بن سکتا ہے اس طوفان سے بلوچستان کی ساحلی پٹی، گوادر پسنی جیونی اور ماڑا گڈانی اور عمان کو ممکنہ خطرہ ہے انہوں نے مزید بتایا ہے کہ سائیکلون کا نام بنگلہ دیش کے تجویز کردہ الفاظ پر بائے پر جوائے رکھا گیا ہے

سیاسی جماعتیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 06 JUN 2023 Page No: 12

## سردار اختر مینگل اتحاد میں شامل ہو جائیں، پی ٹی آئی جمعیت کیساتھ مل کر الیکشن لڑیں گے، جام کمال

پارٹی میں کمزوریوں کی وجہ سے تین ارکان اسمبلی سمیت فائق جمالی، جمال رئیسانی و دیگر لوگ پیپلز پارٹی میں شامل ہوئے، سابق وزیر اعلیٰ

زرداری بلوچستان کے حوالے سے نرم گوشہ رکھتے ہیں،، بلوچستان کی سیاست ابھی تک گلی کوچوں تک محدود ہے، نجی ٹی وی سے بات چیت

کوئٹہ (یو این اے) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ آصف علی زرداری بلوچ اور بلوچستان کے حوالے سے نرم گوشہ رکھتے ہیں، 9 مئی کو پاکستان میں جو ہوا یہ کام ہمیشہ دشمن ممالک نے کئے ہیں.......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 9 پر

ہمیں سیاسی استحکام کی ضرورت ہے، موجودہ حالات کا ذمہ دار صرف میر عبدالقدوس بزنجو نہیں بلکہ یہ ذمہ داری اسمبلی موجود تمام پارٹیوں پر عائد ہوتی، بلوچستان کی سیاست ابھی تک گلی کوچوں تک محدود ہے جیسا کہ دیگر بڑی سیاسی جماعتیں ان کا انفراسٹرکچر بھی ہے ورنیگی ڈیڑھ کلو میٹر پر واقع ایک علاقہ ہے وہاں پر سب سے زیادہ سرکاری دفاتر ہیں یہ کوئی شہر نہیں ہے اگر ڈیڑھ کلو میٹر سے زیادہ ہوا تو میں اسمبلی سے استعفیٰ دوں گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ جام کمال نے کہا کہ آصف علی زرداری کے ساتھ پرانے تعلقات ہیں ان حالات میں آصف زرداری سے ملاقات سے سیاسی طور پر تشویش بڑھ گئی ہے زرداری بلوچ ہے

## ویمن یونیورسٹی ہاسٹل میں تشدد، طالبات کو ہراساں کرنا ناقابل برداشت عمل ہے، نیشنل پارٹی

طالبات نے جائز مطالبات پر احتجاج کیا تو وی سی نے پولیس سے لاٹھی چارج اور تشدد کروایا متعدد طالبات شدید زخمی ہو گئیں

نااہل اور کرپٹ وی سی نے اس کی لابی نے یونیورسٹی کو تباہ کر دیا ادارہ امتحانات بروقت نہیں کروا سکتا نہ طالبات کو مطمئن کر سکتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ سوموار کے روز سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کی طالبات نے اپنے جائز مطالبات پر احتجاج کیا تو وائس چانسلر نے پولیس کی بھاری نفری بلا کر طالبات پر لاٹھی چارج اور تشدد کروایا جس سے متعدد طالبات شدید زخمی بھی ہوئیں اور ان کی عزت نفس بھی مجروح کی گئی جو وائس چانسلر سمیت حکومت بلوچستان گورنر بلوچستان کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے ترجمان نے اپنے بیان میں واضح کیا ہے کہ جب سے مذکورہ نااہل اور کرپٹ وی سی یونیورسٹی میں براجمان ہے آئے روز.......... بقیہ نمبر 85 صفحہ 9 پر

طالبات پہ تشدد و ہوسٹل میں طالبات کو مشکلات سے دوچار کر کے ہراساں کرنا معمول بن گیا ہے پارٹی ترجمان نے کہا ہے کہ نااہل اور کرپٹ وی سی یونیورسٹی کی ایک کرپٹ لابی کے ساتھ مل کر یونیورسٹی کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے وہ کرپٹ لابی سیاسی سطح پر وائس چانسلر کی حمایت و معاونت کرتی ہے جس کے باعث یہ قومی ادارہ روبہ زوال ہے اور گورنر بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان خاموش تماشائی بن کر یونیورسٹی کی تباہی کا منظر دیکھ رہے ہیں یہ ادارہ داخلی طور پر اتنا کھوکھلا ہو چکا ہے کہ اپنے امتحانات بروقت نہیں کروا سکتا اپنے ہی طالبات کو مطمئن نہیں کر سکتا اور اپنے اسٹاف سے انصاف نہیں کر سکتا اسی ادارے کو اب محکمہ تعلیم کے ہزاروں اساتذہ کی بھرتیوں کا ٹھیکہ دیا گیا جو محکمہ تعلیم سمیت بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے ساتھ ایک مذاق کے مترادف ہے

## بلوچستان کے اجتماعی قومی حقوق کیلئے کردار ادا کرتے رہیں گے، لشکری رئیسانی

بلوچستان کی نامور شخصیات گوادر میں کریک ڈاؤن پر خاموش رہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن

کوئٹہ (این این آئی) سینئر سیاست دان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے اجتماعی قومی حقوق، جمہوریت اور سیاسی کارکن کے حق کیلئے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے، صوبے کے گھٹن زدہ سیاسی ماحول میں سیاسی کارکنوں کی کمی.......... بقیہ نمبر 78 صفحہ 9 پر

محسوس کی جا رہی تھی جسے صوبے کی حقیقی سیاسی قیادت اور کارکنوں نے پورا کیا، جبکہ حق دو تحریک کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ 26 دسمبر کی رات گوادر کے لوگوں پر ہونے والے بدترین کریک ڈاؤن میں بلوچ ننگ و ناموس، چادر و چاردیواری کے تقدس کے دعویدار شامل تھے، صوبے میں موجود بہت سے بڑے ناموں میں سے کسی ایک نے اس کریک ڈاؤن کی مذمت تک نہیں کی نواب محمد اسلم خان رئیسانی، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی اور میر ہمایوں عزیز کرد نے دوران اسیری ہمارے ساتھیوں کا ساتھ دیا ان کا حوصلہ بنے ان کے ان احسانات کو کبھی فراموش نہیں کریں گے

## عوام کی زمینوں پر محکمہ ٹورزم کا قبضہ قبول نہیں، اسلم بھوتانی

گڈانی کے عوام کے گھروں کو کسی صورت گرانے نہیں دوں گا، رکن قومی اسمبلی کا بیان

حب (آن لائن) لسبیلہ گوادر رکن قومی اسمبلی اسلم بھوتانی نے گڈانی کے عوام کی جدی پشتی زمینوں پر محکمہ ٹورزم کی طرف سے خالی کروانے پر نوٹس لے لیا جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ زمین صدیوں سے گڈانی کے مکینوں کے آباؤ اجداد کی ہیں، ان زمینوں پر حق گڈانی کی عوام کا ہے ہم کسی صورت میں نہ انکے گھر گرانے دینگے اور اگر ضرورت پڑی.......... بقیہ نمبر 69 صفحہ 9 پر

تو میں خود آگے کھڑا ہونگا پہلے بھی اپنے عوام کے حقوق کا تحفظ کیا ہے اور ہمیشہ کرتا رہونگا اب بھی بھوتانی خاندان پہلے بھی ساتھ رہا ہے اپنی عوام کے اور اب بھی ہر قدم پر ساتھ رہینگے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 06 JUN 2023 Page No: 15

# بلوچستان کے لاپتہ افراد کا معاملہ انتہائی حساس نوعیت کا ہے، اختر مینگل

## مرکزی حکومت میں شامل ہونے کا مقصد بلوچستان کے اجتماعی مسائل حل کرنا ہے

## لاپتہ افراد کی بازیابی اور ماورا قانون گرفتاریوں کا سلسلہ بند کیا جائے

## چمن کوئٹہ کراچی شاہراہ پر کام کی رفتار سست ہے، وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے قائد سردار اختر جان مینگل نے وزیراعظم شہباز شریف کی صدارت میں ہونے والے اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے حکومت میں شامل ہونے کا ہمارا مقصد بلوچستان کے قومی اجتماعی جملہ مسائل کا حل بالخصوص لاپتہ افراد کی بازیابی ہے بلوچستان کے لاپتہ افراد کا معاملہ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر

انتہائی احساس نوعیت کا ہے اس مسئلہ کا حل اب ضروری ہے لاپتہ فرد چاہے کسی بھی شہر سے تعلق رکھتا ہو ہم نے ہمیشہ ان کی بازیابی کی بات کی ہے سابقہ حکومت نے 600 سے زائد لاپتہ افراد کی بازیابی کو یقینی بنایا موجودہ مخلوط حکومت کی بھی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ لاپتہ افراد کی بازیابی کو یقینی بنائے اور مزید ماورائے قانون اغواء نما گرفتاریوں، لاپتہ کرنے کے عمل سے اجتناب کیا جائے ماورائے عدالت ایسے اقدامات نہ کئے جائیں جس سے بلوچستان میں احساس محرومی میں اضافہ اور خوف وہراس کا ماحول ہو 75 سالوں میں بلوچستان میں پانچ مرتبہ آپریشنز کئے گئے انسانی حقوق کی پامالی کے مرتکب حکمران نے احساس محرومی اور ناانصافیاں دیکھنے کو ملیں پی ڈی ایم کی مرکزی حکومت بلوچستان کے معاملات کو حل کرنے کیلئے عملی اقدامات کرے بارہا ہم نے وزیراعظم شہباز شریف سمیت دیگر ارباب واختیار سے بلوچستان کے لاپتہ افراد کی بازیابی سمیت سیاسی، معاشی مسائل کے حل کا کہتے آ رہے ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ سیاسی حالات اور معاشی مسائل سے بخوبی واقف ہیں مگر ہم یہ بھی کہنا چاہتے ہیں کہ بلوچستان کو ہمیشہ نظر انداز کیا گیا ماضی کی ناانصافیوں، محرومیوں کے خاتمہ کیا جائے بلوچستان کے حالات کو باریک بینی سے دیکھنے کی ضرورت ہے اور جو روش اپنائی گئی ہے وہ ناقابل برداشت ہے اس کو ترک کرنے کی ضرورت ہے بلوچستان کے عوام کے اجتماعی مسائل کو سمجھتے ہوئے اس کو حل کو یقینی بنانا ضروری ہے دوسرے صوبے میں ڈویژنز کی سطح پر موٹروے بنانے کی باتیں کی جارہی ہیں بلوچستان میں تو ایک انچ بھی موٹروے نہیں بنائی گئی آر سی ڈی سڑکیں جو کافی عرصہ پہلے بنائی گئیں اب بھی وہ زبوں حالی کا شکار ہے کوئٹہ، کراچی، کچلاک، چمن دورویہ سڑک کی منظوری دی گئی تھی اس پر بھی کام سست روی کا شکار ہے ہم کہنا چاہتے ہیں کہ کراچی، خضدار، کچلاک، چمن شاہراہ پر کام کو تیز کیا جائے مذکورہ شاہراہ کے تعمیر کا ٹینڈر جس کمپنی کو دیا گیا ہے اس کو پابند بنایا جائے کہ وہ معیار اور مقررہ مدت میں تعمیر کو یقینی بنائے کمپنی کے ناقص کام کو برداشت نہیں کریں گے نہ اس کی اجازت دیں گے حکومت معیاری کام کیلئے اقدامات کرے انہوں نے کہا کہ ماضی کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے بلوچستان میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ نے زراعت کی تباہی سمیت معاشی مسائل کو جنم دیا جس کا فوری حل ضروری ہے گیس تو بلوچستان سے نکلتی ہے لیکن بلوچستان کے بیشتر اضلاع اب بھی اس سے محروم ہیں خضدار سمیت بلوچستان کے بڑے اضلاع میں ایل این جی کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے بلوچستان کے اجتماعی ترقی میں کسی کوتاہی کو برداشت نہیں کریں گے

امن وامان

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

DATE: 06 JUN 2023

Page No: 16

## کوئٹہ: ٹرک اڈے میں فائرنگ، جھگی نشین 14 سالہ لڑکی ہلاک

### تین خواتین سمیت چار افراد زخمی ہوگئے، فائرنگ کے بعد حملہ آور فرار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ہزارگنجی ٹرک اڈے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے جھگی نشین 14 سالہ لڑکی جاں بحق جبکہ تین خواتین سمیت چار افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ہزارگنجی کے علاقے میں جھگیوں میں رہائش پذیر چار خواتین شگفتہ زوجہ رحمت اللہ، ثمینہ زوجہ نوراللہ، نازیہ بنت وکیل خان، 14 سالہ شبنم بنت لاجبر گزشتہ روز ہزارگنجی ٹرک اڈے میں جارہی تھی کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار ان پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے فائرنگ کے نتیجے میں 14 سالہ شبنم بنت لاجبر موقع پر ہی جاں بحق جبکہ تین خواتین شگفتہ، ثمینہ، نازیہ اور ایک راہگیر گل محمد ولد شیر علی زخمی ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی پولیس نے بتایا کہ واقعے کی تحقیقات کی جارہی ہے۔

## کوئٹہ: سیکورٹی گارڈ کا پراسرار قتل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) علمدار روڈ پر گھر میں سوئے نجی سیکورٹی گارڈ کا پراسرار قتل۔ پولیس کے مطابق عبدالعزیز اسٹریٹ میں رہائش پذیر نجی سیکورٹی گارڈ رحمن شاہ گزشتہ روز گھر کے کمرے میں سویا ہوا تھا کہ فائرنگ سے ہلاک ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لے کر ہسپتال پہنچائی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی پولیس نے بتایا کہ مقتول کے اہل خانہ گھر پر ہی تھے جبکہ رحمن شاہ اپنے کمرے میں سویا ہوا تھا قتل کے حوالے سے تحقیقات کی جارہی ہے جبکہ شواہد بھی اکھٹے کئے گئے ہیں۔

## کوئٹہ: سابق پولیس اہلکار کی بیوی گھر میں گولی لگنے سے ہلاک

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قتل یا خودکشی؟ ائیرپورٹ روڈ پر سابق پولیس اہلکار کی بیوی گھر میں گولی لگنے سے ہلاک ہوگئی پولیس لاش پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کردی پولیس کے مطابق ائیرپورٹ روڈ کے علاقے نجی ہاؤسنگ اسکیم میں رہائش پذیر سابق ہیڈ کانسٹیبل محمد حنیف کی بیوی گزشتہ روز پیٹ میں گولی لگنے سے باعث ہلاک ہوگئی اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں پوسٹ مارٹم کیلئے لاش کو مردہ خانے میں رکھ دیا پولیس نے بتایا کہ اہل خانہ کے مطابق خاتون نے خودکشی کی ہے تاہم پوسٹ مارٹم رپورٹ آنے کے بعد ہی اصل حقائق سامنے آئیں گے کہ خاتون کا قتل ہوا یا اس نے خودکشی کی پولیس مزید تحقیقات بھی کررہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## پنجگور پولیس کی کارروائی بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار

### منشیات کا اڈہ چلانے والا ملزم پولیس کو 13 مقدمات میں مطلوب تھا

پنجگور (این این آئی) پنجگور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر اور اشتہاری ملزمان کے خلاف کارروائیاں بدنام زمانہ منشیات فروش شبیر سراوانی گرفتار ملزم پولیس کو 13 کیسوں میں کو مطلوب تھا اور سراوان کے علاقے میں منشیات کا اڈہ چلاتا تھا، عوامی اور سماجی حلقوں کی جانب سے پولیس کی کاروائی کا خیر مقدم کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی پنجگور حمایت ......... 

بقیہ نمبر 66 صفحہ 9 پر

اللہ سنگزئی کی ہدایت پر زیر نگرانی ڈی ایس پی، ایس ڈی پی او ملک احمد بلوچ اور ایس ایچ او سٹی ایس آئی توفیق احمد، آئی پی جاوید احمد و دیگر پولیس نفری کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے مشہور اور بدنام زمانہ منشیات فروش اور اشتہاری ملزم شبیر احمد ولد محمد جان سکنہ سراوان پنجگور کو گرفتار کرلیا جو کہ پنجگور پولیس کو 13 کیسوں میں مطلوب تھا اور ملزم کے خلاف پولیس تھانہ میں مختلف دفعات کے تحت مقدمات درج ہیں گرفتاری کے بعد ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے پنجگور کے عوامی اور سماجی حلقوں نے پولیس کاروائی کو سراہتے ہوئے ایس پی اور ایس ڈی پی او کو خراج تحسین پیش کیا

## لاکھڑا پولیس کی کارروائی دو ملزمان گرفتار، چوری شدہ سامان ونقدی برآمد

اوتھل (یو این اے) لاکھڑا پولیس کی کارروائی دو ملزمان گرفتار، چوری شدہ سامان، نقدی برآمد۔ لسبیلہ پولیس کے ترجمان کے پریس ریلیز کے مطابق ......... SHO 

بقیہ نمبر 43 صفحہ 9 پر

لاکھڑا عبدالغفور بروئے اپنی ٹیم کے ہمراہ بروقت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے چوری کی واردات میں ملوث مقدمہ نمبر 12/2023 بجرم 34-457-380 ت۔پ میں مطلوب ملزمان علی حسن ولد امام بخش سکنہ نوشہرو فیروز سندھ حال اوتھل اور علی حیدر ولد محمد اسماعیل سکنہ سانگھڑ سندھ حال اوتھل کو گرفتار کرکے ملزمان کے قبضہ سے چوری شدہ سامان 36 بوتلیں ٹھنڈا مشروب، 15 پیکٹ سپاری، 02 پیکٹ بسکٹ، 12 پڑیاں پاپڑ جملہ مالیتی 5540/- روپے اور نقد رقم 15000/- روپے برآمد کرلی

92 نیوز کوئٹہ

## کوئٹہ میں پولیس تھانہ منظور ترین شہید کی کارروائی، مفرور ملزم گرفتار

کوئٹہ (کرائم رپورٹر) پولیس تھانہ منظور ترین شہید کی کارروائی مفرور ملزم گرفتار کرلیا۔ ڈی آئی جی کوئٹہ اظفر مہیسر، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ذوہیب محسن حسب ہدایات ایس پی آپریشن سریاب ڈویژن ضیاالحق مندوخیل کی زیر نگرانی ڈی ایس پی شالکوٹ سرکل خلیل احمد بگٹی کے تھانہ منظور ترین شہید کے ایس ایچ او روف جبار، ہیڈ محرر خدائے دوست رئیسہ نے پولیس پارٹی کے ہمراہ کامیاب کارروائی کے دوران تھانہ ہذا کے مقدمہ فرد نمبر r2/2022 بجرم 302 ت پ میں مفرور ملزم دولت ولد لعل محمد قوم اسحاق زئی سکنہ مشرقی بائی پاس کوئٹہ کو حسب ضابطہ گرفتار کیا جا کر ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

## چمن: منشیات برآمد 6 ملزمان گرفتار کرلئے

چمن (یو این اے) چمن پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کے دوران 6 منشیات فروش گرفتار کرکے منشیات برآمد کرلی۔ چمن انٹیلی جنس ٹیم انچارج جمعہ خان اچکزئی کی نگرانی میں پولیس نے منشیات فروشوں اور ڈاکوؤں کے خلاف کریک ڈاون شروع کیا ہے جس کے نتیجے میں گزشتہ پانچ دنوں میں 6 سے زائد منشیات فروشوں کو گرفتار کیا ہے۔ ملزمان سے بڑی مقدار میں ہیروئین، چرس، پستول وغیرہ برآمد کیا گیا ہے۔ بعدازاں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کی ہدایت پر تمام پکڑے گئے منشیات فروشوں کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کرلی ہے۔

عوامی مسائل

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

DATE: 06 JUN 2023

Page No: 10

Bullet No. 5


## کیرتھر کینال تباہی سے دوچار، چھوٹے کاشتکار پانی کیلئے ترس گئے

**بااثر زمینداروں نے قبولہ ریگولیٹر توڑ پھوڑ کر کے واٹر کورس کے سائز بڑھا دیئے سر عام زرعی پانی چوری کر رہے ہیں**

**نہری نظام کی بحالی کے لیے فوری طور پر جونیئر افسران کا تبادلہ کیا جائے، مقامی زمینداروں کا مشرق سروے میں اظہار خیال**

اوستا محمد (نمائندہ خصوصی) جونیئر و ناتجربہ کار افسران کی اعلیٰ عہدوں پر تعیناتی سے کیرتھر کینال تباہی سے دوچار نہری نظام تباہ و برباد ہو گیا کاشتکار پانی کی بوند بوند کے لئے ترس گئی بااثر زمینداروں نے قبولہ ریگولیٹر توڑ پھوڑ کر کے واٹر کورس کے سائز بڑھا دیئے سر عام زرعی پانی چوری کر رہے ہیں جونیئر و ناتجربہ کار سب انجینئرز کو ایس ڈی او کی پوسٹ پر تعینات کر کے محکمہ ایریگیشن کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیا گیا اوستا محمد و تحصیل گنداخہ نیل کے کاشتکار زرعی پانی کی بوند بوند کے لئے ترس گئے ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی بنجر ہو گیا نہری نظام کی بحالی کے لیے فوری طور پر جونیئر افسران کا تبادلہ کیا جائے اوستا محمد کے زمیندار و کاشتکار سراپا احتجاج میں بلوچستان حکومت اور محکمہ ایریگیشن کے اعلیٰ حکام خواب خرگوش کے مزے لوٹ رہے ہیں یونیئر سب انجینئرز کو اعلیٰ عہدوں پر تعیناتی کی وجہ سے ایکسین کیرتھر کینال شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں جبکہ کاشتکار بے یارومددگار مسیحا کے منتظر حکام بالا فوری طور پر اس جانب نوٹس لے تاہم مشرق سروے رپورٹ سے مقامی زمینداروں جمیل احمد جمالی محمد ایوب جمالی صفی اللہ جمالی غلام رسول مینگل اصغر علی بندرانی مجیب احمد سیال اور نصر اللہ ہیر نے کہا کہ ایک سوچے سمجھے سازش کے تحت بلوچستان کے گرین بیلٹ کو صحرا میں تبدیل کرنے کی مکمل منصوبہ بندی کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ نہری نظام کو تباہ و برباد کرنے کے لیے جونیئر ناتجربہ کار سب انجینئرز کو کیرتھر کینال کے مختلف سب ڈویژن میں ایس ڈی او تعینات کیا گیا ہے جونیئر افسران کی تعیناتی کی وجہ سے قبولہ ریگولیٹر سمیت تمام نہری نظام تباہ و برباد ہو گیا ہے انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ بااثر زمیندار بزور طاقت زرعی پانی چوری کر رہے ہیں جس کی وجہ سے اوستا محمد سمیت تحصیل گنداخہ کے ہزاروں زرعی ایکڑ زرعی پانی کی عدم دستیابی کی وجہ سے بنجر ہو گئے ہیں نہروں میں پانی کے بجائے مٹی دھول اڑ رہا ہے ہزاروں کی تعداد میں لوگ نقل مکانی کر گئے ہیں انہوں نے کہا کہ جونیئر افسران کی تعیناتی کی وجہ سے ایکسین کیرتھر کینال شدید مشکلات و ذہنی کوفت کا شکار ہو کر رہ گئے ہیں لیکن ستم ظریفی کی انتہا ہو چکی ہے محکمہ ایریگیشن کے اعلیٰ حکام نے چپ کا روزہ رکھا ہے

## دالبندین میں چینی کی قیمت کم نہ ہو سکی، 220 روپے کلو فروخت

**کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع میں چینی 120 روپے کلو فروخت ہو رہی لیکن دالبندین میں کوئی پوچھنے والا نہیں**

**مقامی تاجروں کو پرمٹ دینے میں حیلے اور بہانہ کے پیش نظر تاجروں نے چینی لانا چھوڑ دی، انتظامیہ نوٹس لے، شہری**

دالبندین (نمائندہ خصوصی) دالبندین میں چینی کی قیمت کم نہ ہو سکا کلو چینی دو سو سے دو سو 20 روپے فروخت کیا جا رہا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے دالبندین میں مہنگائی کی حد بوجھل سے باہر ہو چکی ہے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع میں چینی 120 سے 130 روپے کلو فروخت ہو رہا ہے بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر چینی کی مصنوعی مہنگائی نے غریب عوام کی زندگی اجیرن بنا دیا ہے تاجر برادری کا کہنا ہے چینی مہنگا ہونے کا ذمہ دار انتظامیہ ہے جو دوکانداروں کو ضلع کی کھپت کے مطابق پرمٹ جاری نہیں کرتا ہے جس کی سبب بہت کم مقدار میں چینی آتا ہے جس کی سبب مہنگا فروخت ہو رہا ہے ضلع کے جتنے دوکاندار ڈیلر ہے انہیں معمول کے مطابق پرمٹ جاری کرے تو وافر مقدار میں چینی مارکیٹ میں موجود ہو جائے گا اور نرخ خود بخود گر جائے گا اسمگلنگ کی آڑ میں انتظامیہ مقامی تاجروں کو پرمٹ دینے میں حیلے اور بہانہ کی پیش نظر تاجروں نے بھی چینی لانا چھوڑ دیا ہے عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ کے اس رویہ پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے انتظامیہ کو چاہیے وہ عوام کو ریلیف فراہم کرے اور چینی ڈیلرز کو جاری پرمٹ کا نگرانی کر کے آسانی پیدا کرے نہ کہ چینی پر کڑی پابندی عائد کر کے عوام کو پریشان کریں اس وقت ضلع چاغی میں کسی بھی اشیاء کی پرائس مقرر نہیں ہے تمام لوگوں کو کھلی چھوٹ دی گئی جس کا مرضی ہے جتنا ریٹ لگا کر عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ لیں چینی، دال، گھی، آٹا، و دیگر ضروری اجناس کی نرخ چیک کر کے عوام کے لیئے آسانی پیدا کرے

92 نیوز کوئٹہ

## گنداواہ میں بڑھتی مہنگائی سے عوام کا جینا محال، پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال

**اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں بے قابو، دکانداروں کی من مانیاں دوسری وجہ، شہریوں کو گراں فروشوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا، عوام کی قوت خرید جواب دے گئی**

**یوٹیلٹی اسٹور بھی نہ کھل سکا، دیہات سے آنے والے مجبوراً مہنگے داموں اشیا خریدنے پر مجبور، عوامی حلقوں کا پرائس کنٹرول کمیٹی کی غیر فعالیت کا نوٹس لینے کا مطالبہ**

گنداواہ (نامہ نگار) گنداواہ میں اعلیٰ حکام کی عدم توجہ یا بے بسی کہی جائے تو غلط نہیں ہوگا، گنداواہ اور گردونواح کے علاقوں میں بڑھتی مہنگائی نے عوام کا جینا محال کر دیا، شہر میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، مرکزی تجارتی شہر میں پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال ہو گئی، دکانداروں کی من مانیاں عروج پر پہنچ گئیں، شہریوں کو گراں فروشوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا، مصنوعی مہنگائی کے باعث عوام کی قوت خرید جواب دے گئی، عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان [illegible] گنداواہ میں گراں فروشوں عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں، شہر میں بڑھتی مہنگائی نے غریب مزدور کو ذہنی کوفت میں مبتلا کر دیا، پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال ہونے سے گراں فروش عوام سے من مانی رقم وصول کرنے لگے، شہر کے مختلف علاقوں میں مرغی کا گوشت 600 سے 800، بکرے کا گوشت 1100 بڑھا کر 1200، ٹماٹر 40 روپے سے بڑھا کر 100 روپے، پیاز 40 سے 80 روپے اور دودھ 210، دہی 230 روپے فروخت ہونے لگیں، روزمرہ کی اشیا کی قیمتوں میں بھی دگنا اضافہ کر دیا گیا، عوام کو گرانفروشوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا، عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے یوٹیلٹی اسٹور کا قیام بھی عمل میں نہیں لایا گیا، دیہی علاقوں سے آنے والے شہری آٹا، شربت، دال، چاول سمیت اشیا مجبوراً مہنگے داموں بازار سے خریدنے پر مجبور ہیں۔

## بلوچستان کی مالی مشکلات، توجہ اور عملی اقدامات کی ضرورت!!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ ایک پالیسی بیان میں وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بلوچستان کے ساتھ کیے گئے وعدے پورے کرے، صوبے کی مالی مشکلات کا ازالہ فقط نعروں سے ممکن نہیں اس لئے اگر وفاقی حکومت نے سنجیدگی نہیں دکھائی تو مجبوراً بلوچستان قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں شریک نہیں ہوگا۔ وزیراعلیٰ بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان کو درپیش مالی اور ترقیاتی مسائل کے حل کے لئے وفاقی حکومت نتیجہ خیز اقدامات کرے اور صوبے کا آئینی حق دیا جائے ہم سے کئے گئے وعدوں پر عملدرآمد میں وفاقی حکومت کی سردمہری باعث تشویش ہے اگر وفاقی حکومت اپنے وعدوں کو پورا کرنے میں سنجیدہ نہیں تو بلوچستان این ای سی کے اجلاس میں شرکت نہیں کریگا، وفاق کا رویہ ثابت کرتا ہے کہ ماضی کی طرح یہ اجلاس بھی ہمارے لئے بے فائدہ ثابت ہوگا، گزشتہ سال بھی بلوچستان حکومت کی تجویز کردہ اسکیموں کو وفاقی پی ایس ڈی پی کا حصہ نہیں بنایا گیا، سیلاب زندگان کی بحالی کے لئے وزیراعظم کے اعلان کردہ دس ارب روپے سے ایک سال گزرنے کے باوجود بھی ایک روپیہ تک نہیں دیا گیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم نے بارہا وفاقی حکومت تک اپنا موقف پہنچایا لیکن تاحال پذیرائی نہیں ملی، وزیراعظم ہماری متعدد درخواستوں کے باوجود ملاقات کا وقت نہیں دے رہے آئین کے مطابق نئے این ایف سی کا اجرا ابھی عرصہ سے تعطل کا شکار ہے ہم وفاق میں حکومت کے اہم اتحادی ہیں بلوچستان کو ملک کے مستقبل کی مسلمہ حیثیت بھی حاصل ہے، وفاقی حکومت نے ہم سے کیے وعدے تاحال پورے نہیں کیے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے ہم آئندہ مالی سال کے لئے ایک متوازن بجٹ بنانے کے قابل بھی نہیں، اس بات میں دو رائے نہیں کہ وفاق کے تعاون کے بغیر بلوچستان کی پسماندگی کا خاتمہ ممکن نہیں، این ایف سی شیئر وفاقی منصوبوں کے لئے فنڈز کا اجرا اور پی پی ایل کے ذمہ واجبات کے حصول کے مسائل ابھی تک نہیں حل نہیں ہوئے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم وفاقی حکومت سے ان بنیادی مسائل کو حل نہیں کروا سکے جو باعث تشویش ہے، وفاقی کابینہ میں نمائندگی رکھنے والی اپنی اتحادی جماعتوں سے بھی کہا ہے کہ کابینہ سمیت ہر متعلقہ وفاقی فورم پر بلوچستان کے مالی و دیگر مسائل اٹھائیں اس وقت وفاقی بجٹ کی تیاری تکمیل کے مراحل میں ہے، بجٹ سے متعلق اہم ترین فورم این ای سی کا اجلاس ہے جب ہمارے موقف کو تائید ہی نہیں ملتی تو س اجلاس میں ہماری شرکت بے معنی ہوگی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اگر وفاقی حکومت این ی سی اجلاس میں بلوچستان کے منصوبوں کو ترجیح دینے کی یقین دہانی کراتی ہے تو ہم جلاس میں شرکت پر غور کرینگے بصورت دیگر ہم اس اجلاس میں شریک نہیں ونگے۔ انہوں نے کہا کہ رواں مالی سال میں بلوچستان میں دستیاب ترقیاتی فنڈز کے ستعمال کی شرح دیگر تمام صوبوں سے بہت بہتر ہے اگر ہمیں این ایف سی سے ہمارا پورا یکی حصہ ملتا ہے تو ہم ترقیاتی عمل اور زیادہ بہتر اور جامع انداز میں آگے بڑھا سکتے ہیں اور ہم عوام تک ترقی کے ثمرات پہنچا سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ کے بیان کو میڈیا پر تو خوب کوریج ملی ہے تاہم وفاقی حکومت اس کا کوئی نوٹس لیتی ہے یا نہیں اور بلوچستان کے ساتھ ہر مالی سال کے ان دنوں میں جو رویہ اپنایا جاتا ہے اس کا ازالہ کیا جاتا ہے یا نہیں سردست کچھ نہیں کہا جا سکتا البتہ عین حقیقت یہی ہے کہ بلوچستان کو اس وقت جس شدید مالی بحران کا سامنا ہے اس کے پیش نظر اگر وفاقی حکومت نے بلوچستان کے ساتھ وقتاً فوقتاً کیے گئے اپنے وعدے پورے نہیں کیے، این ایف سی میں بلوچستان کا شیئر بڑھانے سے لے کر بلوچستان کی جاری سکیمات کے لئے زیادہ سے زیادہ فنڈز مختص کرنے تک بلوچستان حکومت گاہے بگاہے وفاقی حکومت کے سامنے تجاویز اور مطالبات رکھتی آئی ہے لیکن ان پر عملدرآمد نہیں ہو پاتا اور نوبت بہ ایں جا رسید کہ آج وزیراعلیٰ قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں شریک نہ ہونے کا اعلان کر رہا ہے اس سے قبل سابق وزیراعلیٰ جام کمال خان کے دور میں بھی ایک بار بجٹ سازی کے مراحل پر اسی سے ملتی جلتی صورتحال پیش آئی تھی جب پلاننگ کمیشن کے اجلاس سے اس وقت کے وزیراعلیٰ اور وزیر خزانہ نے باقاعدہ احتجاجاً واک آؤٹ کیا تب مسئلہ یہ تھا کہ پلاننگ کمیشن بلوچستان کے جاری منصوبوں کے لئے کم فنڈز مختص کر رہا ہے جبکہ صوبے میں بہت سارے شعبے میگا پراجیکٹس کے متقاضی ہیں وہ تو خیر پی ٹی آئی کا دور حکومت تھا اب پی ڈی ایم کی اتحادی حکومت ہے جس کی ہیت ترکیبی بڑی دلچسپی ہے مرکز میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت میں قائم حکومت میں جے یو آئی (ف) اور بلوچستان نیشنل پارٹی عملی شراکت دار اور اتحادی ہے جبکہ یہاں یہ دونوں جماعتیں اپوزیشن بینچوں پر بیٹھی ہوئی ہیں حتیٰ کہ اپوزیشن لیڈر کا بھی تعلق بھی جے یو آئی (ف) سے ہی ہے عوامی نیشنل پارٹی بھی بلوچستان عوامی پارٹی کی زیر قیادت مخلوط حکومت میں حصہ دار ہے اور خزانہ کا کلیدی قلمدان اے این پی ہی کو دیا گیا ہے یہ جماعتیں بلوچستان کی حد تک تو شیر و شکر ہیں لیکن وفاق میں جا کر ان کی ترجیحات بدل جاتی ہیں جے یو آئی کے وفاقی وزیر مولانا عبدالواسع کا ابھی گزشتہ روز بھی یہ بیان اخبارات میں شائع ہوا ہے کہ وفاقی حکومت بلوچستان کو خاطر خواہ توجہ دے رہی ہے بی این پی کے وزیر آغا حسن بلوچ بھی وفاقی حکومت کی بلوچستان دوست پالیسیوں کا تذکرہ کرتے نہیں تھکتے لیکن حالت یہ ہے کہ یہ جماعتیں بلوچستان حکومت کے انتہائی مبنی برحقیقت مطالبات کے حوالے سے سردمہری کا مظاہرہ کر رہی ہیں بظاہر اس کی ایک ہی وجہ ہو سکتی ہے کہ بجٹ سازی کے اس کلیدی موقع پر اگر بی این پی یا جے یو آئی کے اراکین قومی اسمبلی بلوچستان کے مالی بحران کے خاتمے کے لئے دوٹوک انداز میں بات کریں گے تو انہیں خدشہ ہے کہ اس سے ان کے حلقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر اثر پڑے گا یہ ایک انتہائی غلط رویہ ہے جس کا خاتمہ ہونا چاہئے ان تمام جماعتوں کو چاہئے کہ وہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا ساتھ دیں وزیراعلیٰ صرف حلقے کی بات نہیں کر رہے وہ پورے بلوچستان کی بات کر رہے ہیں اور ان کے موقف میں وزن ہے یہی وقت ہے کہ تمام جماعتیں سیاست سے بالاتر ہو کر بلوچستان کی نمائندگی کریں بلوچستان کی مالی مشکلات حل طلب ہیں ان مشکلات اور مالی بحران کے خاتمے کے لئے وفاقی حکومت سے رابطہ کیا جائے وزیراعظم، وزیر منصوبہ بندی اور دیگر وزراء کو ان کے کئے گئے وعدے یاد دلائیں ان کے سامنے بلوچستان کا موقف احسن انداز میں رکھیں اور کوشش کریں کہ صوبہ عرصہ دراز سے جس اہم مسئلے کا سامنا کر رہا ہے اس کا مستقل حل نکالا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 06 JUN 2023 Page No: 18


## صوبے کو نظرانداز کرنے پر وفاق کا رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ صاف اور شفاف آب وہوا بہترین صحت کی علامت ہے فضائی آلودگی سے پاک ممالک میں پھیپھڑوں اور دیگر سانس کی بیماریاں کم ہیں اور ان ممالک میں گرین ہاؤس گیسز کے اخراج اور جنگلات کے کٹاؤ میں بھی واضح کمی موجود ہیں عالمی یوم ماحولیات کی مناسبت سے اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بڑھتے ہوئے درجہ حرارت نے پوری دنیا اور خاص کر پاکستان میں کئی ایک مسائل کو جنم دیا ہے عالمی درجہ حرارت میں اضافے کے باعث قدرتی آفات کا ایک نہ رکنے والا سلسلہ شروع ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہونے والی گزشتہ سال کی طوفانی بارشوں اور سیلابوں کی مثال ماضی میں نہیں ملتی یہ ایک ایسی اربن فلڈنگ کی مثال ہے صاف اور شفاف آب وہوا بہترین صحت کی علامت ہے فضائی آلودگی سے پاک ممالک میں پھیپھڑوں اور دیگر سانس کی بیماریاں کم ہیں اور ان ممالک میں گرین ہاؤس گیسز کے اخراج اور جنگلات کے کٹاؤ میں بھی واضح کمی موجود ہیں جس کی اگر وجوہات ڈھونڈنے کی کوشش کی جائے تو موسمیاتی تبدیلی اور بڑھتی ہوئی عالمی درجہ حرارت اس موسمیاتی تغیر کے اسباب میں سب سے اہم نظر آئیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان ایک صنعتی نہیں بلکہ زرعی ملک ہے اور عالمی درجہ حرارت کو بڑھانے میں صنعتی ممالک کا کردار سب سے زیادہ ہے لیکن بدقسمتی سے اس آلودگی کے اثرات سے وہ ممالک بھی متاثر ہو رہے ہیں جن کا فضائی آلودگی میں کردار نہ ہونے کے برابر ہے انہوں نے کہا کہ فضائی آلودگی کے خاتمے کے لیے تمام ممالک کو انٹرنیشنل پروٹوکولز اور عالمی سطح پر کیے گئے معاہدوں کی پاسداری کرنا ہوگی وزیراعلیٰ نے کہا کہ گلوبل وارمنگ کو قابو کرنے کے لیے اب سنجیدہ اقدامات کرنے ہونگے اور دنیا بھر کے ممالک میں موسمی تغیرات کے اثرات سے ہونے والے نقصانات پر ایک جامع سوچ کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا انہوں نے کہا کہ یہ دن تقاضا کرتا ہے کہ ہم زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اور اپنے ماحول کو صاف رکھیں ہم انرجی ایفیشنٹ گاڑیوں کا استعمال کریں اور فضائی آلودگی کے خلاف اپنی مشترکہ کوششوں کو مزید تقویت دیں انہوں نے کہا کہ صوبائی سطح پر بھی حکومت ہر سال شجر کاری مہم میں بھرپور حصہ لیتی ہے اور ہر سال ہزاروں یا لاکھوں کی تعداد میں پودے لگائے جاتے ہیں اس کے علاوہ صوبائی محکمہ ماحولیات بھی صاف ستھرے ماحول کے لیے عوامی سطح پر شعوری پروگرام بھی چلاتی ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں بحیثیت ایک محب وطن پاکستانی فضائی آلودگی سے پاک پاکستان کی جانب بڑھنا ہے کیونکہ صاف اور شفاف ماحول ہی بہترین انسانی صحت کا ضامن ہے وزیراعظم میاں شہباز شریف کی زیرصدارت قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس 6 جون کو ہوگا جس میں ترقیاتی بجٹ کی منظوری دی جائے گی قومی اقتصادی کونسل میں نئے مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا جائے گا دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اپنے پالیسی بیان میں کہا ہے کہ وزیراعظم میاں شہباز شریف کی زیرصدارت قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس 6 جون کو ہونے والے اجلاس میں شرکت نہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاق کا یہ رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اگر وفاقی حکومت اپنے وعدوں کو پورا کرنے میں سنجیدہ نہیں تو بلوچستان، قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں شرکت نہیں کریگا وفاق کا رویہ ثابت کرتا ہے کہ ماضی کی طرح یہ اجلاس بھی ہمارے لیئے بے فائدہ ثابت ہوگا ایسے اجلاس میں بیٹھنے کا کوئی فائدہ نہیں جس میں فیصلہ سازی اور عملدرآمد کا فقدان ہو وفاق کی جانب سے بلوچستان کو مسلسل نظرانداز کیا جارہا ہے سی پیک کی باتیں کی جاتی ہیں لیکن سی پیک میں شامل منصوبوں کے ٹینڈر ہونے کے باوجود بھی انکے لیئے فنڈز جاری نہیں کیئے گئے گزشتہ سال بھی بلوچستان حکومت کی تجویز کردہ اسکیموں کو وفاقی پی ایس ڈی پی کا حصہ نہیں بنایا گیا۔

GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan news

Bullet No. 6 A

DATE: 06 JUN 2023 Page No: 18 A

# بلوچستان کے مسائل اور وزیراعلیٰ بزنجو کا دوٹوک موقف

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان کو مسلسل نظرانداز کرنا اور دیوار سے لگانا انتہائی غیر مناسب فعل ہے اگر وفاقی حکومت اپنے وعدوں کو پورا کرنے میں سنجیدہ نہیں تو بلوچستان این ای سی کے اجلاس میں شرکت نہیں کریگا،صوبے کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے ہم آئندہ مالی سال کے لئے ایک متوازن بجٹ بنانے کے قابل بھی نہیں ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے پالیسی بیان میں کیا۔بیان میں کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر واضح ، برملا اور انتہائی دوٹوک انداز میں بلوچستان کا موقف پیش کرتے ہوئے وزیراعظم اور وفاقی حکومت کو بلوچستان کے ساتھ کیے گئے وعدے یاد دلائے گئے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ گزشتہ سال بھی بلوچستان حکومت کی تجویز کردہ اسکیموں کو وفاقی پی ایس ڈی پی کا حصہ نہیں بنایا گیا سی پیک کی باتیں کی جاتی ہیں لیکن سی پیک میں شامل منصوبوں کے ٹینڈر ہونے کے باوجود بھی انکے لئے فنڈز جاری نہیں کیے گئے سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے وزیراعظم کے اعلان کردہ دس ارب روپے سے ایک سال گزرنے کے باوجود بھی ایک روپیہ تک نہیں دیا گیا سیلاب متاثرین بے سروسامانی کی حالت میں پڑے ہیں اور ہم انکے لئے کچھ نہیں کر پا رہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم نے بارہا وفاقی حکومت تک اپنا موقف پہنچایا لیکن تاحال پزیرائی نہیں ملی وزیراعظم ہماری متعدد درخواستوں کے باوجود ملاقات کا وقت نہیں دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آئین کے مطابق نئے این ایف سی کا اجراء بھی عرصہ سے تعطل کا شکار ہے ہم وفاق میں حکومت کے اہم اتحادی ہیں بلوچستان کو ملک کے مستقبل کی مسلمہ حیثیت بھی حاصل ہے وفاقی حکومت نے ہم سے کئے گئے وعدے تاحال پورے نہیں کئے ہیں صوبے کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے ہم آئندہ مالی سال کے لئے ایک متوازن بجٹ بنانے کے قابل بھی نہیں ہیں اس بات میں دو رائے نہیں کہ وفاق کے تعاون کے بغیر بلوچستان کی پسماندگی کا خاتمہ ممکن نہیں، این ایف سی شیئر وفاقی منصوبوں کے لئے فنڈز کا اجراء اور پی پی ایل کے زمہ واجبات کے حصول کے مسائل ابھی تک نہیں حل نہیں ہوئے ہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم وفاقی حکومت سے ان بنیادی مسائل کو حل نہیں کروا سکے ہیں جو باعث تشویش ہے وفاقی کابینہ میں نمائندگی رکھنے والی اپنی اتحادی جماعتوں سے بھی کہا ہے کہ کابینہ سمیت ہر متعلقہ وفاقی فورم پر بلوچستان کے مالی و دیگر مسائل اٹھائیں اس وقت وفاقی بجٹ کی تیاری تکمیل کے مراحل میں ہے بجٹ سے متعلق اہم ترین فورم این ای سی کا اجلاس منعقد کیا جارہا ہے جب ہمارے موقف کو تائید ہی نہیں ملتی تو اس اجلاس میں ہماری شرکت بے معنی ہوگی اجلاس میں بلوچستان کے ترقیاتی امور کو ترجیحی بنیادوں پر زیرغور لاکر ان مسائل کے دیرپا حل کو یقینی بنایا جائے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اگر وفاقی حکومت این ای سی اجلاس میں بلوچستان کے منصوبوں کو ترجیح دینے کی یقین دہانی کراتی ہے تو ہم اجلاس میں شرکت پر غور کرینگے بصورت دیگر ہم اس اجلاس میں شریک نہیں ہونگے۔انہوں نے کہا کہ رواں مالی سال میں بلوچستان میں دستیاب ترقیاتی فنڈز کے استعمال کی شرح دیگر تمام صوبوں سے بہت بہتر ہے اگر ہمیں این ایف سی سے ہمارا پورا آئینی حصہ ملتا ہے تو ہم ترقیاتی عمل اور زیادہ بہتر اور جامع انداز میں آگے بڑھا سکتے ہیں اور ہم عوام تک ترقی کے ثمرات پہنچا سکتے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وفاقی حکومت نے ساتویں این ایف سی ایوارڈ کا اعلان 1998ء کی مردم شماری کے مطابق کیا تھا اس وقت میں بلوچستان میں حالات خراب ہونے کی وجہ سے صحیح مردم شماری نہیں ہوئی تھی اب جبکہ 2017ء میں اور اب 2023ء میں مردم شماری ہوئی ہے جس کے مطابق بلوچستان کی آبادی میں اضافہ ہوا ہے لیکن وفاقی حکومت کی جانب سے نئے این ایف سی ایوارڈ کا اعلان نہ ہونے کی وجہ سے صوبے کو سالانہ دس ارب روپے کا خسارہ برداشت کرنا پڑ رہا ہے وزیراعلیٰ نے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے لئے فنڈز کے اجراء میں تاخیر، کام کی رفتار میں سست روی پر بھی افسوس اور تاسف کا اظہار کیا ہے یہ کوئی پہلا موقع نہیں ہر سال جب بجٹ سازی کے مراحل شروع ہوتے ہیں تو بلوچستان کے عوامی نمائندے چیختے چلاتے رہتے ہیں لیکن نہ تو صوبے کی جاری سکیمات کے لئے خاطر خواہ فنڈز رکھتے جاتے ہیں اور نہ ہی فنڈز کا اجراء بروقت کیا جاتا ہے اسی طرح نئے این ایف سی کا اجراء بھی بلوچستان کا ایک دیرینہ مطالبہ رہا ہے بلوچستان غربت و پسماندگی سے دوچار صوبہ ہے جہاں مسائل بہت زیادہ ہیں لیکن ان مسائل سے نمٹنے کے لئے صوبائی حکومت کے پاس وسائل انتہائی محدود ہیں محدود وسائل میں مسائل کے انبار سے نمٹنا مشکل ہی نہیں ناممکن بھی ہے وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو اس سے قبل بھی متعدد بار وفاقی حکومت کے سامنے یہی مطالبہ دہراتے آئے ہیں کہ صوبے کی مالی مشکلات کے حل کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں این ایف سی میں شیئر بڑھایا جائے پی پی ایل کے ذمے واجب الادا اربوں روپے کی ادائیگی ، جاری سکیمات کے لئے فنڈز کے اجراء ، اگلے مالی سال کے بجٹ میں صوبے کو خاطر خواہ توجہ دی جائے تاکہ صوبے کی پسماندگی غربت اور دیگر مسائل کا مستقل حل نکالا جاسکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 DATE: 06 JUN 2023 Page No: 19

# CM Bizenjo's concerns

Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo has made a startling revelation that not a single penny out of the Rs10 billion grant announced by Prime Minister Shehbaz Sharif for the rehabilitation of flood affectees was provided to his province. The premier announced a grant of Rs10 billion for Balochistan flood victims in August last year. The devastating floods triggered by unprecedented monsoon rains wreaked havoc in the province claiming around 1,000 lives and damaging properties worth billions. He has expressed severe concerns over the non-fulfillment of promises and the cold-shoulder attitude of the federal government towards the problems of the province where a sense of deprivation already prevails. He said that despite several requests, the prime minister is not giving time for a meeting. The provincial chief executive accused the Centre of halting the release of dues of the provinces under the National Finance Commission (NFC) Award for a long time. He said that we are allies of the government in the federation but the promises made to us are not being fulfilled. It is not the first time that the Balochistan Government is asking the federal government for releasing funds of the province but regrettably the federal government is not paying any attention towards this serious issue of the province. The grievances of Balochistan are completely genuine and authentic and the statement of Chief Minister Balochistan must be taken seriously if the federal government is really serious to steer the province out from financial crisis. It is more heart-rending that the funds of Balochistan announced for flood affectees were still not released. Last year Balochistan suffered massive floods and rains that caused huge devastations throughout the province owing to which thousands of families rendered homeless and infrastructure and agriculture sector badly hit by heavy floods. There are hundreds of families in the province who are still living under open sky and waiting for compensation money announced by the government. But regrettably, despite repeated requests, the federal government is not going to release funds of Balochistan. Now the budget is also near, in this situation, the Balochistan government would be unable to present a "balanced budget" for the fiscal year 2023-24. The Chief Minister Balochistan has also warned of boycotting the upcoming meeting of the National Economic Council (NFC) if the federal government did not take this issue seriously. It is hoped that the federal government will understand the miseries of masses and would take steps to release funds of Balochistan at the earliest.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**


**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 06 JUN 2023 Page No: 20

# ہمارے بچے ہماری ذمہ داری

تحریر: اختر منگی



یوں تو بچوں کے والدین پر بہت سارے حقوق لازم ہوتے ہیں بچوں کی صحت تعلیم تربیت، خوراک زندگی کی تمام بنیادی سہولیات سمیت دیگر انگنت حقوق ہوتے ہیں ان تمام حقوق کے ساتھ ساتھ بچے کی سرکاری سطح پر رجسٹریشن کروانا بھی والدین پر انتہائی ضروری ہوتی ہے کیونکہ وہ معاشرے میں کس شناخت کے ساتھ اپنی زندگی میں جانا جائیگا یہ وہ شناخت ہے جس کی بنیاد پر بچے کو مستقبل میں لوگ اس کے ساتھ معاملات طے کرتے ہیں اور اسی بناء پر اس کو اہمیت دیتے ہیں برتھ سرٹیفکیٹ شناختی کارڈ کا پہلا جزو ہوتا ہے پیدائش کے بعد بچے کو معاشرتی شناخت تو مل جاتی ہے لیکن بدقسمتی سے اس کو قانونی شناخت نہیں مل پاتی۔ قانونی شناخت سے مراد بچے کی رجسٹریشن ہے جو کہ لوکل گورنمنٹ سے کی جاتی ہے اور اسی بنیاد پر بچے کو "برتھ سرٹیفکیٹ" فراہم کیا جاتا ہے یہ بچے کا پہلا حق ہوتا ہے۔ یہ چیز مستقبل میں اس کے لیے بڑی اہمیت اختیار کر جاتی ہے اور بے شمار قانونی معاملات میں برتھ سرٹیفکیٹ کی ضرورت پڑتی ہے۔ اب اگر بچے کی رجسٹریشن ہوئی ہوگی تو اس کو ان قانونی معاملات میں کسی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا لیکن اگر اس کے پاس "برتھ سرٹیفکیٹ" نہ ہو تو اس صورت میں اسے نہ صرف پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا بلکہ تمام کاغذی کارروائی بھی نہیں ہو سکے گی کیونکہ بچے کے پاس پہلا قانونی حق میسر نہیں ہے آج کے اس جدید دور میں بچوں کی سرکاری سطح پر رجسٹریشن نہ کروانے کے بے شمار نقصانات ہوتے ہیں بچوں کی رجسٹریشن کے لئے بلوچستان حکومت عملی طور پر اقدامات کر رہی ہے اس حوالے سے نچلی سطح پر یعنی یونین کونسل کی سطح پر سیکریٹری یونین کونسل کی نگرانی میں پیدائشی سرٹیفکیٹ اور بے فارم کے اجرا کا عمل صوبے بھر میں جاری ہے ضلع نصیرآباد کی تمام یونین کونسلو میں حکومت کی جانب سے تمام سہولیات فراہم کی گئی ہیں تاکہ دیہی علاقوں کی عوام اپنے بچوں کی پیدائشی سرٹیفکیٹ بنوانے کے حوالے سے انہیں کسی بھی دشواری سے دوچار نہ ہونا پڑے عموماً کئی والدین کی جانب سے برتھ سرٹیفکیٹ کی اہمیت اور افادیت پر کوئی خاص توجہ نہیں دی جاتی جس سے وہ اپنے ہی بچے کے بنیادی حق تلف کرتے ہیں کئی والدین اپنی نظر میں برتھ سرٹیفکیٹ کو عام چیز سمجھتے ہیں اور برتھ سرٹیفکیٹ کے عمل کو فضول سمجھ کر ٹھکرا دیتے ہیں جس کا خمیازہ بچے مستقبل میں بھگتتا ہے دراصل "برتھ سرٹیفکیٹ" کے بہت سے فوائد ہوتے ہیں۔ یہ ایک اہم دستاویزی ریکارڈ ہے جس کی اہمیت تسلیم کی جاتی ہے۔ اگر بچپن میں بچے کی رجسٹریشن نہ کروائی جائے اور سولہ سال کی عمر میں جاکر اس کا شناختی کارڈ بنے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس بچے نے سولہ سال بغیر کسی شہریت کے گزارے۔ خدانخواستہ اس دوران اس بچے کے ساتھ کوئی بھی واقعہ پیش آتا ہے تو سرکاری محکموں کو علم ہی نہیں ہوگا کہ کسی پاکستانی بچے کے ساتھ کچھ ہوا ہے۔ جب بچوں کی رجسٹریشن کروائی جائے گی اور حکومت کے پاس ان کا ریکارڈ ہوگا تو گورنمنٹ اسی حساب سے ان کی فلاح و بہبود کے لیے منصوبہ بندی بھی کر سکے گی اگر کسی بچے کا سرکاری ریکارڈ ہی نہیں ہو تو وہ ان تمام حقوق سے بھی محروم رہتا ہے جو حکومت کی طرف سے اس کو حاصل ہوتے ہیں اس کو طبی سہولت میں رعایت نہیں مل سکتی، وہ تعلیم اور دوسرے بے شمار فوائد سے بھی محروم رہتا ہے ایک اندازے کے مطابق پاکستان میں رجسٹرڈ بچوں کی شرح صرف چالیس فیصد ہے۔ باقی ساٹھ فیصد بچے غیر رجسٹرڈ ہونے کی وجہ سے ان کا ریکارڈ تک موجود نہیں یہ سب ان والدین کی وجہ سے رونما ہو رہے ہیں جو اپنے بچوں کو بنیادی حقوق کی فراہمی میں اپنا کردار ادا نہیں کر رہے ہیں یا وہ والدین جو ابھی تک رجسٹریشن کے عمل سے واقف بھی نہیں ہیں اس کے ساتھ ساتھ تیسری بات یہ ہے کہ کافی بچوں کے والدین برتھ سرٹیفکیٹ کے حصول کی سکت بھی نہیں رکھتے حالیہ سیلاب کے بعد تو لوگوں کے معاشی حالات مزید بدتر ہو گئے ہیں ہمارے معاشرے میں اردگرد ایسے کئی بچے یتیم ہیں جو یتیم بے سہارا ہیں وہ برتھ سرٹیفکیٹ بنوانے کی سکت تک نہیں رکھتے ان بچوں کیلئے برتھ سرٹیفکیٹ بنوانے کیلئے نصیرآباد ضلعی انتظامیہ کے احکامات پر مختلف این جی اوز کام کر رہی ہیں جن میں سے انٹرنیشنل ریسکیو کمیٹی بھی سرفہرست ہے سیلاب کے بعد ڈپٹی کمشنر نصیرآباد عائشہ زہری سے آئی آر سی کے ڈویژنل منیجر طیب بلانزئی نے ڈپٹی کمشنر سے ملاقات میں اس بات کا ارادہ کیا کہ ضلع نصیرآباد میں یونیسیف کے تعاون سے بے سہارا یتیم اور سیلاب متاثرہ بچوں کے برتھ سرٹیفکیٹ بنوا کر انہیں دیے جائیں گے تمام اخراجات آئی آر سی اور یونیسیف برداشت کرے گا کیونکہ اگر ان بچوں کی حوصلہ افزائی نہیں کی جاتی اور ان کے برتھ سرٹیفکیٹ نہیں بنوا کر دیے جاتے تو ان بچوں کے لئے کئی مشکلات پیدا ہو سکتی تھیں لہٰذا نصیرآباد ضلعی انتظامیہ کے احکامات پر ان بچوں کے برتھ سرٹیفکیٹ اور بے فارم بنانے کا کام شروع کر دیا گیا بالآخر 14 سو بچوں کے برتھ سرٹیفکیٹ بنوائے گئے اسی حوالے سے ضلع نصیرآباد کے سیلاب متاثرہ غریب یتیم و معذور بچوں میں یونیسیف کے تعاون سے انٹرنیشنل ریسکیو کمیٹی نصیرآباد کے زیر اہتمام بچوں میں برتھ سرٹیفکیٹ تقسیم کے حوالے سے ضلع اسمبلی ہال میں ایک تقریب منعقد کی گئی تقریب میں ڈپٹی کمشنر نصیرآباد عائشہ زہری پروجیکٹ منیجر آئی آر سی ابوبکر، یونیسیف کے ناصر علی، اسسٹنٹ کمشنرز خادم حسین کھوسہ، اسداللہ سالارانی محکمہ تعلیم سے عبدالغفار ڈوکی آئی آر سی کے عبدالصمد کورار محمد سلیم عبدالجبار سرمرو سمیت بڑی تعداد میں یتیم بچے اور سیلاب متاثرہ بچوں کے والدین شریک تھے برتھ سرٹیفکیٹ کے حوالے سے ڈویژنل منیجر آئی آر سی طیب علی بلانزئی نے بتایا کہ مشکل حالات میں کمزور طبقے یعنی بچوں اور عورتوں کے لئے اقدامات کرنا انتہائی ضروری ہوتا ہے کیونکہ سیلاب کے دوران اس طبقے کو کئی مشکلات جھیلنی پڑتی ہیں آئی آر سی پانچ اضلاع میں مختلف پراجیکٹس پر کام کر رہی ہے نصیرآباد میں چودہ سو بے سہارا اور سیلاب متاثرہ بچوں کے لیے خطیر رقم خرچ کر کے ان کے پیدائش سرٹیفکیٹس بنائے ہیں جو بچے فیس کی استطاعت نہیں رکھتے ان کے لیے یہ اقدامات کیے گئے ہیں آئی آر سی محکمہ تعلیم اور ریلیشن ہیلتھ پی ایچ ای کو بھی سپورٹ کر رہی ہے ضلع نصیرآباد کے 6120 بچوں کو اسکولوں میں داخل کروا کے انہیں ریڈنگ و رائٹنگ میٹریل فراہم کیا ڈپٹی کمشنر نصیرآباد عائشہ زہری نے آئی آر سی کی جانب سے اس عمل کو سراہا گیا بچوں [illegible] مشکلات کے ازالے کے لیے جہاں حکومت ٹھوس حکمت عملی کے تحت کام کر رہی ہے تو وہاں پر مختلف این جی اوز کی توسط سے بھی ان بچوں کے بہتر مستقبل کیلئے کام کروا رہی ہے کیونکہ یہی بے فارم اور برتھ سرٹیفکیٹ بچوں کا پہلا حق ہوتا ہے جس کی فراہمی کے لیے آئی آر سی کی خدمات قابل ستائش ہیں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے آئی آر سی کی کارکردگی کو سراہا گیا کیونکہ پورے ہال میں بیٹھے بچوں اور ان کے والدین کی خوشی دیکھنے کے لائق تھی ان برتھ سرٹیفکیٹ کی تقسیم کے موقع پر ایسے کئی بصارت سے معذور بچے بھی موجود تھے جن کے مستقبل کے درپیش مسائل کے تدارک کیلئے اقدامات کیے گئے اسمبلی ہال میں بیٹھے بچے اور والدین نصیرآباد ضلعی انتظامیہ آئی آر سی اور یونیسیف کے مشکور ہوتے ہوئے نظر آئے جن کی کاوشوں کے سبب بچوں اور عورتوں کے چہروں پر مسکراہٹ بکھیر دی گئی تھی اسی حوالے سے کمیونٹی کی تمام والدین کو چاہیے کہ وہ جہاں اپنے بچوں کے دیگر حقوق ادا کر رہے ہیں ان کی سرکاری سطح پر رجسٹریشن کروا کر یہ فریضہ بھی ادا کریں تاکہ مستقبل میں ان کے بچوں کو کسی قسم کی پریشانی سے دوچار نہ ہونا پڑے حکومت کی جانب سے برتھ سرٹیفکیٹ پر عمل کو مزید آسان بنانے کی اشد ضرورت ہے تاکہ والدین بغیر کسی تکلیف کے سہل انداز سے اپنے بچوں کے برتھ سرٹیفکیٹ اور بے فارم بنوا کر انہیں سرکاری سطح پر رجسٹرڈ کروا سکیں۔







# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: DAWN KARACHI

Bullet No. 7 DATE: 05 JUN 2023 Page No: 21


# Unhappy with Centre, CM Bizenjo to skip NEC moot

By Saleem Shahid

QUETTA: The Balochistan government will not be able to prepare "a balanced budget" as the province was in distress because Islamabad had been "consistently ignoring our financial needs and demands", Chief Minister Mir Abdul Qudoos Bizenjo said on Sunday.

"We won't attend the coming meeting of the National Economic Council if Islamabad does not fulfil its promises," Mr Bizenjo said.

"It is useless to sit in a forum which does not take seriously the suggestions given by the provincial government for resolving Balochistan's financial and other problems."

The NEC is the highest forum to take decisions about needs and requirements of the provinces.

Balochistan's backwardness cannot be cured without the federal government's help and cooperation, the chief minister said.

"The federal government's indifference to the province's grievances has become intolerable," he added.

Mr. Bizenjo said Balochistan was simply demanding its constitutional rights as a federating unit.

Not a single development project suggested by the Balochistan government was included in the federal Public Sector Development Programme (PSDP) last year and no funds were released for the development projects falling within the purview of CPEC despite issuance of tenders, Abdul Qudoos Bizenjo further said.

He recalled the prime minister had announced grants totalling Rs10 billion for rehabilitation of the victims of last year's floods, regretting that no money had been released so far.

"The flood victims are still waiting for their rehabilitation, but the provincial government has no resources to rehabilitate them."

The chief minister said Prime Minister Shehbaz Sharif "is not giving us time" to discuss these issues despite many requests by the Balochistan government.

The announcement of the National Finance Commission Award is mandatory, but the delay in its announcement was aggravating the province's misery, Mr Bizenjo said.

He said although the Balochistan Awami Party was an ally of the PDM-led government, the federal government's attitude vis-à-vis the province was discriminatory.

Mr Bizenjo called upon the parties having representation in the federal government to take up "Balochistan's issues with the prime minister and other authorities concerned".

Chief Minister Bizenjo, however, claimed that the percentage of development funds available with the province was better than those of other provinces and if "we weare given our full share in the National Finance Commission Award, we would have conducted our development process in a better way".

Referring to the National Finance Commission award, the BAP chief said Balochistan was given its share in NFC award in accord with the 1998 census, but since the situation was not good at the time, the count suffered and, consequently, "our share turned out to be lower than what would be available in normal times".

He said Balochistan should be given its share in NFC award in keeping with the census figures for the 2017 and 2023 exercises.


Tribune Express Karachi


## Balochistan surpasses wheat target

QUETTA: This year Balochistan has produced surplus wheat by providing wheat seeds to around 100,000 farmers across the province. "The Balochistan government has provided 400,000 sacks of wheat seeds worth Rs2.20 billion to the farmers to achieve its cultivation target," Minister for Agriculture Mir Asadullah Baloch said. He added the initiative was taken to eliminate the wheat shortage after the recent floods. The record wheat production was possible by the grace of Allah Almighty, quality seeds, uninterrupted supply of fertilizer, and timely decisions of the government, he said. "The government has distributed around 400,000 bags of 50-kilogram wheat seeds free of cost due to which the province has produced more wheat than the target," Baloch said. For transparency in the distribution of wheat seeds, the chief minister's inspection team was entrusted to monitor the program. He said that all necessary facilities were also provided to wheat growers to expand their production to make the province self-sufficient. APP

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 06 JUN 2023 Page No:________




کوئٹہ: صوبائی وزیر زراعت اسد بلوچ سے رکن اسمبلی میر یونس زہری ملاقات کررہے ہیں



کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری سے میر ضیاء لانگو اور سینیٹر دنیش کمار ملاقات کررہے ہیں



کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو کو شیلڈ دے رہے ہیں


Century Express Quetta




مراکش، صوبائی وزیر خزانہ زمرک خان اچکزئی کی قیادت میں سوفٹ ویئر نمائش میں شرکت کے بعد بلوچستان کے وفد کا پاکستان روانگی کے موقع پر گروپ فوٹو

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

DATE: 06 JUN 2023

Bullet No.________ Page No:________



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے صوبائی وزیر حاجی طور اتمانخیل کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے نسیم ہزارہ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

Balochistan Time Quetta



QUETTA: Governor Balochistan Malik Abdul Wali Kakar in a meeting with notables Haji Usman Tareen and Aslam Tareen on Monday.